امر بالمعروف ونہی عن المنکر — اچھائی کی طرف اطلاع کرنا اور برائی سے بچانا

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ★ ABC CERTIFIED ★

روزنامہ اطلاع عام کوئٹہ

چیف ایڈیٹر:۔ محمد عمر — رجسٹریشن نمبر: C-1932

Email: dailyattelaaamqta@gmail.com / Etlaeaam2010@gmail.com | Tel: 081-2840968, 081-2820055 | Fax: 081-2828245

جلد نمبر: 16 — بروز جمعہ 20 نومبر 2026 / 08 جمادی الاول 1448ھ قیمت 20 روپے — شمارہ نمبر: 220

بلوچستان میں امن خوشحالی پائیدار ترقی کیلئے پاک فوج کا غیر متزلزل عزم برقرار ہے

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر

پاک فوج بلوچستان کے عوام کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑی ہے، امن اور خوشحالی کیلئے عزم غیر متزلزل ہے

شہداء کی یادگار پر حاضری، پھول چڑھائے، جوانوں کے بلند حوصلے کو سراہا، دہشت گردی کے خلاف بریفنگ لی

راولپنڈی (اے این این) چیف آف ڈیفنس فورسز، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کہا ہے کہ بلوچستان میں امن، خوشحالی، پائیدار ترقی کیلئے پاک فوج کا غیر متزلزل عزم برقرار ہے، پاک فوج بلوچستان کے عوام کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے تربت کا دورہ کیا، شہدائے وطن کی یادگار پر حاضری دی، پھولوں کی چادر چڑھائی اور فاتحہ خوانی کی۔ فیلڈ مارشل کو کو آپریشنل تیاریوں اور بیرونی سرپرستی میں ہونے والی دہشت گردی کے خلاف جاری کارروائیوں پر

(بقیہ 3 اندرونی صفحہ 2 پر)

پاکستان ہائی کمیشن لندن نے نادرا، پاسپورٹ اور ویزا سروسز عارضی طور پر معطل کردیں

لندن (اے این این) پاکستان ہائی کمیشن لندن نے نادرا، پاسپورٹ اور ویزا سروسز عارضی طور پر معطل کر

(بقیہ 2 اندرونی صفحہ 2 پر)

بلاول کا بیان تضادات سے بھرپور، اتحاد کا حصہ ہیں، احسن اقبال

حکومتی فیصلوں کی ذمہ داری بھی قبول کریں، وفاقی وزیر ترقی و منصوبہ بندی

اسلام آباد (اے این این) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی احسن اقبال نے کہا ہے کہ بلاول بھٹو زرداری کا بیان تضادات سے بھرپور ہے، اتحادی حکومت میں شامل ہوکر حکومتی فیصلوں پر تنقید کرنا دوہرا معیار ہے۔ بلاول بھٹو زرداری کے بیان پر ردعمل دیتے ہوئے احسن اقبال نے کہا کہ آپ نے خود جو فیصلے کیے، اب انہی پر تنقید کیوں کر رہے

(بقیہ 1 اندرونی صفحہ 2 پر)

حوثیوں کی سعودی عرب پر میزائل حملے کی کوشش ناکام، 4 بیلسٹک اور ایک کروز میزائل تباہ

میزائل کا ملبہ ایک رہائشی علاقے میں گرنے سے نقصانات کی تصدیق ہوئی ہے، جائزہ لیا جارہا ہے، سعودی اتحاد

ریاض، صنعا (اے این این) سعودی عرب کیخلاف یمن کیحوثی ملیشیا کی ایک اور جارحیت، سعودی اتحاد نے جنوبی ریجن کی جانب داغے گئے چار بیلسٹک میزائل تباہ کردیئے، جبکہ حوثیوں کا ایک کروز میزائل بھی مار گرایا گیا۔ سعودی اتحاد کے مطابق حوثیوں نے ریاض کو نشانہ بنانے کیلئے یمن کے صوبے ذمار میں قائم میزائل لانچنگ پلیٹ فارم استعمال کیا، جسے تباہ کردیا گیا، ریاض کی جانب داغا گیا میزائل فضا میں ہی تباہ کردیا گیا۔ سعودی اتحاد کا کہنا ہے کہ ریاض میں زوردار دھماکے کی آواز سنی گئی اور میزائل کا ملبہ گرنے سے مالی نقصان کی اطلاعات سامنے

(بقیہ 5 اندرونی صفحہ 2 پر)



آرمی چیف کا جوانوں سے تاریخی خطاب، مٹھیاں تان کر دشمن کو دوٹوک پیغام دے دیا، پاکستان کی طرف میلی آنکھ سے دیکھنے والے کا نام و نشان مٹا دیں گے

بلوچستان کے نوجوانوں میں غیر معمولی صلاحیتیں موجود ہیں

وزیر اعلیٰ بلوچستان

نوجوان انجینئرز کی عالمی سطح پر کامیابی بلوچستان کے روشن مستقبل کی عکاس ہے مقامی نوجوانوں کو عالمی معیار کی مہارتوں سے آراستہ کرنا اہم ہے

ریکوڈک منصوبہ بلوچستان کے نوجوانوں کے لیے جدید مہارتوں، پیشہ ورانہ ترقی اور روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے کا ذریعہ بن رہا ہے، گفتگو

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان کے 18 نوجوان انجینئرز نے ارجنٹائن اور زیمبیا میں عالمی معیار کی بین الاقوامی تکنیکی تربیت کامیابی سے مکمل کرلی، تربیت حاصل کرنے والے نوجوان انجینئرز میں چار خواتین بھی شامل ہیں۔ نوجوان انجینئرز نے ارجنٹائن کی ویلا ڈیرو مائن اور زیمبیا کی لوموانا مائن میں ریکوڈک مائننگ کمپنی کے انٹرنیشنل گریجویٹ ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت تربیت حاصل کی۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے ریکوڈک مائننگ کمپنی کے انٹرنیشنل گریجویٹ ڈویلپمنٹ پروگرام کے دوسرے بیچ کے شرکا نے ملاقات کی۔

(بقیہ 4 اندرونی صفحہ 2 پر)

غریب کو ریلیف ملے گا، سبسڈی پروگرام تیار، وزیر اعظم



وزیر اعظم شہباز شریف سے قطر کے وزیر داخلہ کی اہم ملاقات، دونوں ممالک کے درمیان معاشی تعاون اور داخلہ امور میں مزید مضبوطی پر اتفاق، پاک قطر برادرانہ تعلقات نئی بلندیوں پر پہنچ گئے

سرمایہ کاروں کے مسائل فوری حل کرنے کیلئے مؤثر نظام بنائیں گے، دفتری پیچیدگیاں حوصلہ شکنی کا باعث بنتی ہیں

2023 میں پاکستان کو دیوالیہ ہونے کے سنگین خطرے کا سامنا تھا، توانائی کی 90 فیصد سے زائد ضروریات درآمد کرتے ہیں

اسلام آباد (اے این این) وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ حکومت نے معاشرے کے کمزور طبقات کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے سبسڈی پروگرام وضع کیا، معاشی استحکام کے حصول کے لیے عام آدمی نے بڑی قربانیاں دی ہیں۔ امریکن بزنس کونسل سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ پاکستان کے معاشی مفادات کے فروغ میں امریکی سرمایہ کاروں کا اہم کردار ہے، امریکی سرمایہ کاروں نے صنعت، زراعت اور آئی ٹی سمیت مختلف شعبوں میں پاکستان کا ساتھ دیا، سرمایہ کاری کا عزم برقرار رکھنے پر ان کے شکر گزار ہیں۔ شہباز شریف کا کہنا تھا کہ سرمایہ کاروں کے مسائل فوری حل کرنے کے لیے مؤثر نظام وضع کیا جائے گا، دفتری پیچیدگیاں سرمایہ کاروں کی حوصلہ

(بقیہ 6 اندرونی صفحہ 2 پر)

پاکستانی تجارتی وفد دسمبر میں مالدیپ کا دورہ کرے گا، وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان

اسلام آباد (یو این اے) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان نے کہا ہے کہ وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی ہدایت پر پاکستانی تجارتی وفد دسمبر میں مالدیپ کا

(بقیہ 7 اندرونی صفحہ 2 پر)

صوبوں کے آل پاکستان اسلحہ لائسنس جاری کرنے پر پابندی عائد

پہلے سے جاری آل پاکستان لائسنسوں کی بھی دوبارہ جانچ اور وفاقی توثیق لازمی قرار، اعلامیہ جاری

اسلام آباد (اے این این) وفاقی وزارت داخلہ نے صوبوں کے آل پاکستان اسلحہ لائسنس جاری کرنے پر پابندی عائد کردی۔ وزارت داخلہ کے اعلامیہ کے مطابق آل پاکستان اسلحہ لائسنس جاری کرنے کا اختیار صرف وفاقی حکومت کے پاس ہے، صوبے

(بقیہ 8 اندرونی صفحہ 2 پر)



کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی قلعہ عبداللہ میں امن امان کی صورتحال سے متعلق اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

حادثہ اور ماڑہ بس جل گئی، چیخیں رہ گئیں، 12 گھر اجڑ گئے

زخمیوں میں سے 20 افراد جن میں 15 مرد، 4 خواتین اور ایک بچہ شامل ہیں کو پی این ایس درمان جاہ ہسپتال اور ماڑہ جبکہ 7 زخمیوں جن میں 3 مرد، 2 خواتین اور 2 بچے شامل ہیں کو پسنی ہسپتال منتقل کردیا گیا ہے

تصادم اتنا شدید تھا کہ دونوں گاڑیوں میں فوری طور پر آگ لگ گئی، جاں بحق افراد میں 10 بس مسافر اور بازر کا عملہ شامل، پاک بحریہ اور ریسکیو 1122 نے مشترکہ امدادی کارروائیاں کیں، ہسپتالوں میں

اور ماڑہ (یو این اے) اور ماڑہ بسول کے قریب چاھی کے مقام پر مسافر بس اور ایل پی جی گیس بازر کے درمیان خوفناک تصادم کے نتیجے میں دونوں

(بقیہ 9 اندرونی صفحہ 2 پر)



اسلام آباد، نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار جنوب مشرقی ایشیائی ممالک کی تنظیم کے سیکرٹری جنرل ڈاکٹر کاؤ کم ہورن کا استقبال کررہے ہیں

بلاول کہانیاں نہ بنائیں عوام کی بات کریں، شاہد خاقان عباسی

نئے صوبوں کا خاکہ کیا ہوگا یہ معمولی بات نہیں، چہرے بدلنے سے بات نہیں بنے گی، عوام کی رائے کا احترام کریں

اسلام آباد (اے این این) سابق وزیر اعظم شاہد خاقان عباسی نے کہا ہے کہ بلاول بھٹو زرداری کہانیاں نہ بنائیں بلکہ عوام کی بات کریں کیونکہ بات مفاد کی ہے، نئے صوبوں کی مخالفت مفاد بچانے کیلئے ہے۔ اسلام آباد میں ایک تقریب سے خطاب میں شاہد خاقان عباسی نے کہا کہ بلاول بھٹو زرداری کے والد صدر مملکت ہیں اور ان کی جماعت وفاق میں اتحادی ہے، دو صوبائی حکومتیں ان کے پاس ہیں۔ شاہد خاقان عباسی نے کہا کہ اگر

(بقیہ 13 اندرونی صفحہ 2 پر)

قلعہ عبداللہ کو جرائم پیشہ عناصر سے پاک کیا جائے، وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی

بھتہ خوری، اسمگلنگ اور منشیات کے خلاف فیصلہ کن کارروائی کی ہدایت، محکمہ داخلہ سے ایک ہفتے میں رپورٹ طلب

کوئٹہ (یو این اے) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے قلعہ عبداللہ میں امن و امان کی صورتحال بہتر بنانے اور جرائم پیشہ عناصر کے مکمل خاتمے کے لیے متعلقہ حکام کو مؤثر اور فیصلہ کن کارروائیاں کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بھتہ خوری، اسمگلنگ، منشیات فروشی اور دیگر منظم جرائم میں ملوث عناصر کے خلاف سخت اقدامات کیے جائیں اور قلعہ عبداللہ کو جرائم پیشہ عناصر سے پاک کیا جائے۔ یہ ہدایات انہوں نے جمعرات کو قلعہ

(بقیہ 12 اندرونی صفحہ 2 پر)

بلوچستان صوبائی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے اطلاعات کا اجلاس

رائٹ ٹو انفارمیشن ترمیمی بل 2026 کا تفصیلی جائزہ، کمیشن کے 5 میں سے 3 ارکان پیشہ ورانہ شعبوں سے لینے کا فیصلہ

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان صوبائی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے اطلاعات کا اجلاس کمیٹی روم میں چیئرمین کمیٹی رحمت صالح بلوچ کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں اراکین کمیٹی ہادیہ نواز بحرانی، سنجے کمار اور صفیہ بی بی نے شرکت کی۔ اجلاس میں بلوچستان رائٹ ٹو انفارمیشن (ترمیمی) بل 2026 کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ سابق سیکرٹری اطلاعات عمران خان نے بل کے اغراض و مقاصد بیان کرتے ہوئے کہا کہ اس قانون کا بنیادی مقصد عوام کو بروقت

(بقیہ 10 اندرونی صفحہ 2 پر)

وزیر اعلیٰ بلوچستان کا تا مسافر بس حادثے میں قیمتی جانوں کے ضیاع پر اظہار افسوس

حادثے کے زخمیوں کے علاج میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی، وزیر اعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (اے این این) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے تاجی چیک پوسٹ کے قریب مسافر کوچ اور ایل پی جی باؤزر کے درمیان پیش آنے والے ٹریفک حادثے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے وزیر اعلیٰ نے متعلقہ ضلعی انتظامیہ اور محکمہ صحت کو ہدایت کی ہے کہ حادثے کے زخمیوں کو فوری اور بہترین طبی سہولیات فراہم کی جائیں اور ان کے علاج معالجے میں کسی قسم کی کوتاہی نہ برتی جائے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ زخمیوں کی دیکھ بھال کے

(بقیہ 11 اندرونی صفحہ 2 پر)

حکمرانی کسی کی جاگیر نہیں بلکہ عوام کی امانت ہے، طارق فضل

پیپلز پارٹی اپنی کارکردگی کا جائزہ لے، عوامی ریفرنڈم کو چور دروازہ کہنا جمہوری سوچ نہیں، وفاقی وزیر پارلیمانی امور

نظام کی اصلاح کسی ایک جماعت کی اجارہ داری نہیں، عوام کو بھی براہ راست رائے دینے کا حق ہے، بلاول بھٹو کے بیان پر ردعمل

اسلام آباد (اے این این) وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ نظام کی اصلاح اور مستقبل کے فیصلوں کا اختیار کسی ایک سیاسی جماعت کی اجارہ داری نہیں بلکہ عوام کی امانت ہے۔ عوامی ریفرنڈم کو چور دروازہ قرار دینا جمہوری سوچ کی عکاسی نہیں کرتا۔ چیئرمین پی پی پی بلاول بھٹو زرداری کے بیان پر ردعمل دیتے ہوئے طارق فضل چوہدری نے کہا کہ پارلیمان میں بحث

(بقیہ 14 اندرونی صفحہ 2 پر)



اسلام آباد، وفاقی وزیر تجارت جام کمال مالدیپ کے وزیر تجارت محمد سعید کے ساتھ ورچوئل میٹنگ میں پاکستانی وفد کی قیادت کررہے ہیں

بھارت کا پانی کو بطور ہتھیار استعمال کرنا عالمی قانون کی خلاف ورزی ہے، پاکستان

سندھ طاس معاہدہ بدستور نافذ العمل، بھارت اس کے تحت اپنی ذمہ داریوں کا پابند ہے، اقوام متحدہ میں پاکستان کے نائب مستقل مندوب

کسی بھی ملک کو مشترکہ قدرتی وسائل کو دباؤ ڈالنے یا سیاسی مقاصد کے حصول کیلئے استعمال کرنے کی اجازت نہیں دی جاسکتی، عثمان جدون کا خطاب

نیویارک (اے این این) پاکستان نے بھارت کی جانب سے سندھ طاس معاہدے کو یکطرفہ اور غیر قانونی طور پر معطل کرنے کے اقدام اور پاکستان کی طرف آنے والے دریاؤں کا پانی روکنے کی دھمکیوں کو سختی سے مسترد کرتے ہوئے خبردار کیا ہے کہ مشترکہ قدرتی وسائل کو بطور ہتھیار استعمال کرنا بین الاقوامی قانون کی خلاف ورزی، 24 کروڑ سے زائد افراد کے روزگار اور فلاح و بہبود کیلئے خطرہ

(بقیہ 21 اندرونی صفحہ 2 پر)

بھارت کیلئے فضائی حدود کی بندش میں مزید ایک ماہ کی توسیع

اسلام آباد (اے این این) پاکستان نے بھارت کیلئے فضائی حدود بندش میں مزید ایک ماہ کی توسیع کردی۔ پاکستان ائیرپورٹ اتھارٹی کی جانب سے جاری نئے نوٹم کے مطابق بھارت کیلئے فضائی حدود بندش میں 23 دسمبر 2026 تک توسیع کردی گئی ہے۔ ائیرپورٹ اتھارٹی کے مطابق بھارت کے تمام رجسٹرڈ کمرشل، جیٹ مسافر اور ملٹری طیارے پاکستان کی فضائی حدود استعمال نہیں کرسکتے۔ واضح رہے پاکستان نے بھارت کے لیے 23 اپریل 2025 سے فضائی حدود بند کی تھی۔ پاکستان نے بھارت کیلئے فضائی حدود بندش میں مزید ایک ماہ کی توسیع کردی۔ پاکستان ائیرپورٹ اتھارٹی کی جانب

(بقیہ 19 اندرونی صفحہ 2 پر)

آئین میں صوبوں کی تشکیل کے لیے ریفرنڈم کی کوئی گنجائش نہیں، سابق اٹارنی جنرل

سسٹم کو ری سیٹ کرنا ضروری ہے نہ کیا تو ہارڈ ری سیٹ ہوجائے گا، اشتر اوصاف

اسلام آباد (اے این این) سابق اٹارنی جنرل آف پاکستان اشتر اوصاف کا کہنا ہے کہ آئین میں صوبوں کی تشکیل کے لیے ریفرنڈم کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔ ایک ٹی وی انٹرویو میں اشتر اوصاف نے کہا کہ سسٹم کو ری سیٹ کرنا ضروری ہے نہ کیا تو ہارڈ ری سیٹ ہوجائے گا۔ انہوں نے کہا کہ نئے صوبے بنانے سے پہلے چارٹرڈ آف ٹالرنس بنانا چاہیے۔ قومی اسمبلی، سینیٹ اور صوبائی اسمبلی سے دو تہائی اکثریت چاہیئے جبکہ آئین کے آرٹیکل 234 سمیت 10 آرٹیکل میں ترامیم ہوں گی۔ سابق اٹارنی جنرل آف پاکستان کا کہنا تھا کہ پہلے روڈ میپ دیں پھر صوبے بنانے کی بات کریں، سیاسی جماعتوں کو پہلے اپنے اندر جمہوریت پیدا کرنے کی ضرورت ہے۔ سابق اٹارنی جنرل آف پاکستان اشتر اوصاف کا کہنا ہے کہ آئین میں صوبوں کی تشکیل کے لیے ریفرنڈم کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔ ایک ٹی وی انٹرویو میں اشتر اوصاف نے کہا کہ سسٹم کو ری سیٹ کرنا ضروری ہے نہ کیا تو ہارڈ ری سیٹ ہوجائے گا۔ انہوں نے کہا کہ نئے صوبے

(بقیہ 20 اندرونی صفحہ 2 پر)

آبنائے ہرمز میں بارودی سرنگوں سے ٹکرانے کے بعد تین آئل ٹینکرز میں آگ لگ گئی

بحری بارودی سرنگیں آبنائے ہرمز میں آئل ٹینکروں کیلئے خطرہ بن گئیں، ایرانی پاسدارانِ انقلاب

تہران، مسقط (اے این این) آبنائے ہرمز میں بحری بارودی سرنگوں سے ٹکرانے کے بعد تین آئل ٹینکروں میں آگ لگنے کا دعوی سامنے آیا ہے۔ برطانوی میری ٹائم ٹریڈ آپریشنز (یو کے ایم ٹی او) کے مطابق آبنائے ہرمز سے گزرنے والے ایک

(بقیہ 18 اندرونی صفحہ 2 پر)

ایران پر مشترکہ حملوں کے لئے موساد چیف کا امریکا میں گٹھ جوڑ بے نقاب

ایران پر حملہ کرنے کا موقع تیزی سے ہاتھ سے نکل رہا ہے، اسرائیلی خفیہ ایجنسی کے سربراہ کی ٹرمپ کو قائل کرنے کی کوشش

واشنگٹن، لندن (اے این این) ایران پر مشترکہ حملوں کیلئے موساد چیف کا امریکا میں گٹھ جوڑ بے نقاب ہوگیا، برطانوی خبر رساں ادارے نے دعوی کیا ہے کہ اسرائیلی خفیہ ایجنسی موساد کے سربراہ رومن گوفمین نے گزشتہ ہفتے امریکی حکام کے ساتھ

(بقیہ 17 اندرونی صفحہ 2 پر)

29 نومبر کی تاریخ خالد مقبول نے دی، ہم سے مشورہ نہیں کیا، مصطفیٰ کمال

کراچی (اے این این) وفاقی وزیر برائے صحت سید مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ 29 نومبر کی ریلی کی تاریخ کا اعلان خالد مقبول صدیقی نے کیا ہے، اس سلسلے میں ہم سے کوئی مشورہ نہیں ہوا۔ ایک انٹرویو میں مصطفیٰ کمال نے کہا ہم تصادم نہیں چاہتے ہم کسی اور دن ریلی نکالیں گے، محسوس کیا جارہا ہے کہ ملک بڑے صوبوں سے چل نہیں پارہا، ڈاکٹرز کو سرجری کر دینی چاہیے، مریض سے پوچھنا نہیں چاہیے۔ واضح رہے کہ ایم کیو ایم کے سربراہ اور وفاقی وزیر تعلیم خالد مقبول صدیقی نے 2 نومبر کو اعلان کیا تھا کہ 29 نومبر کو شاہراہ فیصل پر ایک بڑی ریلی نکالی جائے

(بقیہ 16 اندرونی صفحہ 2 پر)

یوکرین کے تاریخی مرکز پر روسی حملوں میں چار افراد ہلاک، 13 زخمی

فرانس یوکرین میں اپنے فوجی اہلکاروں کی موجودگی کے ساتھ کھڑا ہے، وزارت خارجہ

کیف، پیرس (اے این این) یوکرین کے خطے اوڈیسا میں تاریخی مرکز پر روسی حملوں میں چار افراد ہلاک اور کم از کم 13 زخمی ہوئے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق علاقائی فوجی انتظامیہ کے گورنر اولیہ کیپر نے بتایا کہ تین الگ الگ روسی حملے صبح کے وقت ہوئے جس میں ضلع کو نشانہ بنایا گیا اور اپارٹمنٹ کی عمارتوں، کیفے، دکانوں اور کھڑی کاروں کو نقصان پہنچا۔ ریاستی ایمرجنسی سروس کی طرف سے شائع کردہ رپورٹ میں عملے کو گرے ہوئے ڈھانچے کے اندر آگ کے شعلوں سے لڑتے ہوئے اور دھواں دھار گاڑیوں کو بجھانے والا بتایا گیا، جب طبی عملے زخمی شہریوں کو اسٹریچر پر ایمبولینسوں کی طرف لے جارہے تھے۔ حکام نے نوٹ کیا کہ تباہی کی اصل حد اور زخمیوں کی تعداد کا ابھی بھی اندازہ لگایا جارہا ہے، ریسکیو ٹیمیں تباہ شدہ گھروں اور کاروں کے نقصان کا اندازہ لگا رہی ہیں۔ دوسری جانب فرانسیسی وزیر خارجہ جین نوئل باروٹ نے کہا کہ فرانس یوکرین میں اپنے فوجی اہلکاروں کی موجودگی کے ساتھ کھڑا ہے، جہاں وہ

(بقیہ 15 اندرونی صفحہ 2 پر)

اینکر ربیعہ احسن کی بہن کا خون معاف بیان حلفی عدالت میں پیش، شوہر کی ضمانت منظور

ربیعہ احسن کی موت ایک حادثہ تھی، عدالت احسن طاہر کو ضمانت پر رہا کرے تو ہمیں اعتراض نہیں، اہلخانہ کا بیان حلفی

راولپنڈی (اے این این) نجی ٹی وی چینل کی اینکر ربیعہ احسن کی حادثاتی موت کے معاملے پر ایف آئی آر میں نامزد احسن طاہر خان کی ضمانت منظور کر لی گئی۔ ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج خرم سلیم نے دو لاکھ روپے کے مچلکے پر ضمانت منظور کر لی۔ مدعی مقدمہ کی جانب سے ملک محسن محمود کلیامی اور ایڈیشنل سیکرٹری جنرل ہائی کورٹ بار صبا فراز راجا پیش ہوئے۔ مقتولہ ربیعہ احسن کی والدہ، بھائی اور بہن نے عدالت میں بیان حلفی جمع کروادیا۔ اہلخانہ نے بتایا کہ ربیعہ احسن کی موت ایک حادثہ تھی، عدالت احسن طاہر کو ضمانت پر رہا کرے تو ہمیں اعتراض نہیں۔ عدالت نے بیان حلفی اور ورثا کے بیان پر ملزم کی ضمانت بعد از گرفتاری منظور کر لی۔ ملزم شوہر احسن طاہر کی ضمانت کی رہائی کے عدالتی آرڈر جیل بھیج دیے گئے، ملزم کی شام میں اڈیالہ جیل سے رہائی ہوگی۔ نجی ٹی وی چینل کی اینکر ربیعہ احسن کی حادثاتی موت کے معاملے پر ایف

(بقیہ 22 اندرونی صفحہ 2 پر)

پارلیمنٹ توڑ کر نئے صاف و شفاف انتخابات کروائے جائیں، شوکت یوسفزئی

بلاول کا اتنا سچ بولنے کے بعد موجودہ پارلیمنٹ کے رہنے کا کوئی جواز نہیں، پی ٹی آئی سیکرٹری اطلاعات خیبر پختونخوا

پشاور (اے این این) پی ٹی آئی خیبر پختونخوا کے سیکرٹری اطلاعات شوکت یوسفزئی نے پارلیمنٹ توڑ کر نئے صاف و شفاف انتخابات کروانے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلاول بھٹو کا اتنا سچ بولنے کے بعد موجودہ پارلیمنٹ کے رہنے کا کوئی جواز نہیں۔ اپنے ایک ویڈیو پیغام میں شوکت یوسفزئی نے کہا کہ بہت ہوگیا اللہ کرے مزید خون خرابے کی باتیں نہ ہوں، بلاول کا اتنا سچ بولنے کے بعد موجودہ پارلیمنٹ کے رہنے کا کوئی جواز نہیں لہذا حکومت فوری مستعفی ہو اور ملک میں صاف و شفاف انتخابات کرائے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف کسی نئی لڑائی کا حصہ نہیں بنے گی، موجودہ حالات میں پی ٹی آئی سیاسی اسپیس لینے کے لیے حکمت عملی بنائے۔ شوکت یوسفزئی نے کہا کہ پی پی پی اور وزرا کے بیانات کھٹ پتلی تماشہ لگ رہا ہے، فی الحال تماشہ ہی دیکھیں گے، پاکستان مشکل میں ہے سب ہوش کے ناخن لیں۔ بہت ہوگیا عمران

(بقیہ 26 اندرونی صفحہ 2 پر)



گوادر، بسول کے قریب کراچی جانے والی مسافر کوچ کے مائع پٹرولیم گیس (ایل پی جی) باؤزر سے ٹکرانے اور آگ لگنے کا منظر

سکیورٹی فورسز کی خیبر پختونخوا میں کارروائیاں، فتنہ الخوارج کے 22 دہشتگرد ہلاک

پوری قوم دہشتگردی کے خلاف جنگ میں سکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے، وفاقی وزیر داخلہ کا خوارجیوں کے خلاف کامیاب آپریشنز پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا

ہلاک دہشت گرد علاقے میں متعدد دہشت گردانہ کارروائیوں میں ملوث تھے، علاقے میں موجود دیگر خوارج کے خاتمے کے لئے کلیئرنس اور سرچ آپریشنز جاری، اسلحہ اور گولہ بارود برآمد

راولپنڈی (اے این این) خیبر پختونخوا میں سکیورٹی فورسز نے مختلف کارروائیوں کے دوران بھارتی سرپرستی میں سرگرم فتنہ الخوارج کے 22 دہشت گرد ہلاک کردیئے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق 16 اور 17 نومبر کو خیبر پختونخوا کے مختلف اضلاع میں سکیورٹی فورسز کی جانب سے کامیاب کارروائیاں کی گئیں۔ جنوبی وزیرستان میں خوارج کی موجودگی کی اطلاع پر انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا گیا، سکیورٹی فورسز کی موثر کارروائی اور شدید فائرنگ کے تبادلے میں 15 خوارج ہلاک ہوگئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ضلع بنوں میں دو مختلف جھڑپوں کے دوران سکیورٹی فورسز نے خوارج کے ٹھکانوں کو موثر انداز میں نشانہ بنایا، جس کے نتیجے میں 6 دہشت گرد مارے گئے، جبکہ ضلع ٹانک میں ایک اور جھڑپ کے دوران ایک خارجی کو ہلاک کردیا گیا، ہلاک ہونے والے بھارتی سرپرستی میں سرگرم خوارج سے اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کرلیا گیا ہے۔ ترجمان پاک فوج کا کہنا ہے کہ ہلاک دہشت گرد علاقے میں متعدد دہشت گردانہ

(بقیہ 23 اندرونی صفحہ 2 پر)

میرے بھتیجے کو ناحق 60 سال سزا دی گئی، مہربانی کی جائے، شیخ رشید

انسداد دہشت گردی کی خصوصی عدالت کے جج امجد علی شاہ نے جی ایچ کیو حملہ کیس کی سماعت کی

راولپنڈی (اے این این) سابق وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید احمد نے کہا ہے کہ میرے بھتیجے شیخ راشد کو ناحق 60 سال سزا دی گئی ہے اس پر مہربانی کی جائے۔ انسداد دہشت گردی کی خصوصی عدالت میں پیشی کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے شیخ رشید احمد کا کہنا تھا کہ یہ پوری قوم کی خواہش ہے کہ عام آدمی کو ریلیف ملے، آٹا بھی بغیر شناختی کارڈ نے نہیں ملتا۔ انہوں نے کہا کہ ریڑھی چھابہ والے مزدور اور عام آدمی کو جینے کیلئے ریلیف دیا جائے، آٹا بھی سستا کیا جائے۔ قبل ازیں انسداد دہشت گردی کی خصوصی عدالت کے جج امجد علی شاہ نے جی ایچ کیو حملہ کیس کی سماعت کی، بانی پی ٹی ائی کے وکیل فیصل ملک لیگل ٹیم کے ہمراہ عدالت نے پیش ہوئے، پراسیکیوشن ٹیم کمرہ عدالت میں موجود تھی۔ سابق وزیر داخلہ شیخ رشید احمد سمیت دیگر ملزمان حاضری کے بعد واپس روانہ ہوگئے۔ جج امجد علی شاہ نے سماعت 3 دسمبر تک ملتوی کر

(بقیہ 24 اندرونی صفحہ 2 پر)



کوئٹہ، رکن قومی اسمبلی شمائلہ رانا چیئرمین بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ ڈاکٹر گلاب خان خلجی و دیگر کو تیسری بین الاقوامی اسکول ایوارڈز و گلوبل اسکولز کانفرنس 2026 کے موقع پر ایوارڈز دے رہی ہیں

بقیہ 1

ہیں؟ حکومت کا حصہ بھی رہنا اور اپوزیشن کا کردار بھی ادا کرنا، بیک وقت یہ رویہ نہیں چل سکتا۔ لیگی رہنما نے کہا کہ اتحادی حکومت میں صرف اچھے فیصلوں کا کریڈٹ اور خراب فیصلوں سیلاتعلقی نہیں ہوسکتی، اتحاد کا حصہ ہیں، آئینی عہدے بھی رکھتے ہیں، تو حکومتی فیصلوں کی ذمہ داری بھی قبول کریں۔

بقیہ 2

نے کا اعلان کردیا۔ پاکستان ہاکی فیڈریشن لندن کی جانب سے جاری اعلامیے کے مطابق زیر سمندر انٹرنیٹ کیبل میں خرابی کے باعث انٹرنیٹ اور متعلقہ سروسز متاثر ہوئی ہیں، جس کے نتیجے میں نادرا، پاسپورٹ اور ویزا سروسز معطل کی گئی ہیں۔ اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ مذکورہ سروسز آئندہ اطلاع تک معطل رہیں گی تاہم دستاویزات کی تصدیق کی سروس معمول کے مطابق جاری رہے گی۔

بقیہ 3

بریفنگ دی گئی۔ سید عاصم منیر کو بلوچستان میں جاری سماجی و معاشی ترقیاتی منصوبوں پر پیش رفت سے آگاہ کیا گیا، فیلڈ مارشل نے مشکل آپریشنل حالات میں پاک فوج کے جوانوں اور افسران کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور بلند حوصلے کی تعریف کی اور مادر وطن کے دفاع کے غیر متزلزل عزم کو سراہا۔ فیلڈ مارشل نے کہا کہ پاک فوج کے جوانوں کا مادر وطن کے دفاع کے لئے غیر متزلزل عزم قابل تحسین ہے، پاک فوج بلوچستان کے عوام کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بلوچستان میں امن، خوشحالی اور پائیدار ترقی کے لئے پاک فوج کا غیر متزلزل عزم برقرار ہے۔

بقیہ 4

اس موقع پر مپنی حکام نے وزیراعلیٰ کو پروگرام کے اغراض و مقاصد، انتخابی عمل اور تربیتی مراحل سے متعلق بریفنگ دی۔ حکام نے بتایا کہ ان 18 نوجوان انجینئرز کا انتخاب 2024 میں بلوچستان بھر سے موصول ہونے والی تین ہزار سے زائد درخواستوں میں سے میرٹ کی بنیاد پر کیا گیا۔ پروگرام کے ذریعے بلوچستان کے نوجوانوں کو بین الاقوامی سطح کی جدید تکنیکی مہارتیں اور پیشہ ورانہ تربیت فراہم کی جارہی ہے۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے نوجوان انجینئرز کو بین الاقوامی تربیت کامیابی سے مکمل کرنے پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ ریکوڈک منصوبہ بلوچستان کے نوجوانوں کے لیے جدید مہارتوں، پیشہ ورانہ ترقی اور روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے کا ذریعہ بن رہا ہے۔ نوجوان انجینئرز کی عالمی سطح پر کامیابی بلوچستان کے روشن مستقبل کی عکاس ہے۔ انہوں نے کہا کہ مقامی نوجوانوں کو عالمی معیار کی مہارتوں سے آراستہ کرنا صوبے کی طویل المدتی معاشی ترقی کے لیے انتہائی اہم ہے۔ ریکوڈک منصوبے کی ترقی میں مقامی نوجوان انجینئرز اہم کردار ادا کریں گے، کیونکہ باصلاحیت نوجوان بلوچستان کا قیمتی سرمایہ اور مستقبل کے معمار ہیں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کے نوجوانوں میں غیر معمولی صلاحیتیں موجود ہیں، ضرورت اس امر کی ہے کہ انہیں مناسب مواقع اور جدید تربیت فراہم کی جائے۔ بڑے ترقیاتی اور سرمایہ کاری کے منصوبوں کے ثمرات میں مقامی نوجوانوں کی شمولیت خوش آئند ہے۔ انہوں نے ریکوڈک مائننگ کمپنی اور بیرک کی جانب سے بلوچستان کے نوجوانوں کو بین الاقوامی تربیت کے مواقع فراہم کرنے کے اقدام کو قابلِ تحسین قرار دیا۔ اس موقع پر ریکوڈک مائننگ کمپنی کے کنٹری مینیجر ضرار جمالی نے کہا کہ ریکوڈک منصوبے کی پائیدار ترقی مقامی آبادی اور افرادی قوت کی ترقی سے وابستہ ہے۔ انہوں نے بتایا کہ پروگرام میں چاغی، کوئٹہ، گوادر، پنجگور، خضدار، لورالائی، نوشکی، موسیٰ خیل، قلعہ سیف اللہ اور ژوب سے تعلق رکھنے والے نوجوان شامل ہیں۔

بقیہ 5

آئی ہیں۔ اتحاد کے مطابق ابتدائی جائزے میں ن دوطرفہ تجارت کو 20 کروڑ ڈالر تک بڑھانے کے ہدف پر پیش رفت کرنا ہے۔ وزارتِ تجارت جاری بیان کے مطابق مطابق وفاقی وزیر تجارت کی قیادت میں دورہ کرنے والے وفد میں سرکاری حکام اور کاروباری نمائندے شامل ہوں گے یہ دورہ دسمبر کے دوسرے یا تیسرے ہفتے میں متوقع ہے جبکہ حتمی تاریخ مالدیپ کی توثیق کے بعد طے کی جائے گی۔ وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان نے مالدیپ کے وزیر برائے اقتصادی ترقی، ٹرانسپورٹ و تجارت محمد سعید سے ورچوئل ملاقات کی جس میں وفاقی وزیر بحری امور محمد جنید انور چوہدری، وزیراعظم کے مشیر ہارون اختر خان اور سیکریٹری تجارت جواد پال نے بھی شرکت کی۔ اس موقع پر پاکستان اور مالدیپ نے دوطرفہ تجارت کے فروغ کے لیے مشترکہ ورکنگ گروپس قائم کرنے پر اصولی اتفاق کیا۔

بقیہ 6

شکنی کا باعث بنتی ہیں، سرمایہ کاروں کی جائز شکایات کا ازالہ حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ تمام شعبوں میں شفافیت یقینی بنانے کے لیے پرعزم ہیں، 2023 میں پاکستان کو دیوالیہ ہونے سے آراستہ کرنا صوبے کی طویل المدتی معاشی ترقی کے لیے انتہائی اہم ہے۔ ریکوڈک منصوبے کی ترقی میں مقامی نوجوان انجینئرز اہم کردار ادا کریں گے، پاکستان اپنی توانائی کی ضروریات کا 90 فیصد سے زائد حصہ درآمد کرتا ہے، حکومت معاشی چیلنجز سے نمٹنے اور سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے اقدامات کر رہی ہے۔ دوسری جانب وزیراعظم کی زیرصدارت وزارت قومی غذائی تحفظ کی کارکردگی پر جائزہ اجلاس ہوا، شہباز شریف نیکہا کہ پی ایم اوایس کی شکل میں کارکردگی جانچنے کیحوالے سے ایک انتہائی مؤثر نظام تشکیل پا چکا ہے، اس سسٹم کے تحت دیئے گئے اہداف اورٹائم لائنز میں کسی قسم کی کوئی تاخیر برداشت نہیں کی جائیگی۔ مزید کہا کہ ملکی معیشت کی مضبوطی، زرعی شعبے کی پائیدار ترقی میں جدید تحقیق کو بنیادی اور کلیدی حیثیت حاصل ہے، حکومت زراعت کے شعبے میں تحقیقی سرگرمیوں کے فروغ کیلئے ہر ممکن سرپرستی اور بھرپور مالی معاونت فراہم کرے گی، لاگت میں کمی اور فی ایکڑ پیداوار میں خاطرخواہ اضافہ کیلئے جدید زرعی مشینری کا استعمال ناگزیر ہے۔

بقیہ 7

دورہ کرے گا جس کا مقصد دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ تجارت کو 20 کروڑ ڈالر تک بڑھانے کے ہدف پر پیش رفت کرنا ہے۔ وزارتِ تجارت جاری بیان کے مطابق مطابق وفاقی وزیر تجارت کی قیادت میں دورہ کرنے والے وفد میں سرکاری حکام اور کاروباری نمائندے شامل ہوں گے یہ دورہ دسمبر کے دوسرے یا تیسرے ہفتے میں متوقع ہے جبکہ حتمی تاریخ مالدیپ کی توثیق کے بعد طے کی جائے گی۔ وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان نے مالدیپ کے وزیر برائے اقتصادی ترقی، ٹرانسپورٹ و تجارت محمد سعید سے ورچوئل ملاقات کی جس میں وفاقی وزیر بحری امور محمد جنید انور چوہدری، وزیراعظم کے مشیر ہارون اختر خان اور سیکریٹری تجارت جواد پال نے بھی شرکت کی۔ اس موقع پر پاکستان اور مالدیپ نے دوطرفہ تجارت کے فروغ کے لیے مشترکہ ورکنگ گروپس قائم کرنے پر اصولی اتفاق کیا۔

بقیہ 8

اب صرف اپنی حدود میں اسلحہ لائسنس جاری کرسکیں گے۔ وزارت داخلہ نے پہلے سے جاری آل پاکستان لائسنسوں کی بھی دوبارہ جانچ اور وفاقی توثیق لازمی قرار دے دی ہیوفاقی توثیق کے بعد نادرا لائسنس پر نئی عبارت درج کرے گا، جبکہ توثیق نہ ہونے والے لائسنس صرف متعلقہ صوبے کی حدود میں قابل استعمال ہوں گے۔ اس حوالے سے وزارت داخلہ نے چاروں صوبوں کے چیف سیکرٹریز اور آئی جیز کو مراسلہ ارسال کردیا ہے۔

بقیہ 9

گاڑیوں میں شدید آگ بھڑک اٹھی جس کے باعث 12 افراد جاں بحق اور 27 زخمی ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق آزاد دشت کوچ 46 مسافروں کو لے کر تربت سے کراچی جارہی تھی کہ بسول کے قریب کراچی سے 250 ہائڈر کی جانب جانے والا ایل پی جی گیس بازر مسافر بس سے ٹکرا گیا۔ تصادم اتنا شدید تھا کہ دونوں گاڑیوں میں فوری طور پر آگ لگ گئی۔ حادثے میں ایل پی جی بازر کا ڈرائیور اور کلینر موقع پر ہی جاں بحق ہوگئے جبکہ مسافر بس میں سوار 10 مسافر بھی جان کی بازی ہار گئے جن میں 7 مرد اور 3 بچے شامل ہیں۔ بس میں سوار 9 مسافر معجزانہ طور پر محفوظ رہے۔ حادثے میں مجموعی طور پر 27 مسافر زخمی ہوئے جن میں 14 مرد، 9 خواتین اور 4 بچے شامل ہیں۔ زخمیوں میں سے 20 افراد جن میں 15 مرد، 4 خواتین اور ایک بچہ شامل ہیں کو پی این ایس درمان جاہ ہسپتال اور ماڑہ جبکہ 7 زخمیوں جن میں 3 مرد، 2 خواتین اور 2 بچے شامل ہیں کو پسنی ہسپتال منتقل کردیا گیا ہے۔ حادثے میں زخمی ہونے والوں میں 26 سالہ دانش اقبال ساکن تربت، 43 سالہ آصف ساکن کولواہ، 40 سالہ احسن ساکن تربت، 38 سالہ عبدالرشید، 20 سالہ عرفان ساکن حب چوکی، 8 سالہ نصیر، 14 سالہ فراز، 11 سالہ نائفہ، 40 سالہ جان بی بی، 35 سالہ نازل، 30 سالہ مراد، 34 سالہ شہزاد، 30 سالہ بیبل، گل جان نازل، 35 سالہ حامد، 18 سالہ سماگل، 25 سالہ عاصمہ، 18 سالہ ضمیر، بالاچ، 5 سالہ ثناءاللہ، 28 سالہ اسد اللہ، 19 سالہ رحیم اور 25 سالہ سلیم شامل ہیں۔ افسوسناک حادثے کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 پسنی اور اورماڑہ کی ٹیموں سمیت پاک بحریہ کے ریسکیو دستوں اور فائر فائٹرز نے فوری طور پر موقع پر پہنچ کر امدادی کارروائیوں میں بھرپور حصہ لیا۔ پاک نیوی کے ہسپتال پی این ایس درمان جاہ کی انتظامیہ نے ہنگامی بنیادوں پر ایمبولینسز اور طبی عملہ جائے حادثہ پر روانہ کیا۔ پاک بحریہ کے فائر فائٹرز، ریسکیو ٹیموں اور ریسکیو 1122 کے اہلکاروں نے مشترکہ طور پر پیشہ ورانہ مہارت کا مظاہرہ کرتے ہوئے آگ پر قابو پایا اور بروقت ریسکیو آپریشن مکمل کر کے متعدد قیمتی انسانی جانوں کو بچالیا۔ پی این ایس درمان جاہ اور پسنی ہسپتال کے ڈاکٹرز اور پیرا میڈیکل اسٹاف زخمیوں کو فوری اور بہترین طبی سہولیات فراہم کرنے میں مصروف رہے۔

بقیہ 10

معلومات کی فراہمی یقینی بنانا ہے، جبکہ معلومات فراہم نہ کیے جانے کی صورت میں عوام متعلقہ کمیشن سے رجوع کرسکتے ہیں۔ انہوں نے کمیشن کی تشکیل اور اس کے قانونی کردار پر بھی روشنی ڈالی۔ چیئرمین کمیٹی رحمت صالح بلوچ نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ قانون ساز اسمبلیوں کی قائمہ کمیٹیاں وہ حقیقی فورمز ہیں جہاں قانون سازی اور عوامی مفاد سے متعلق امور پر تفصیلی بحث وغور کیا جاتا ہے، اور ایسے معاملات کا جائزہ لیا جاتا ہے جن پر ایوان میں تفصیلی گفتگو ممکن نہیں ہوتی۔ چیئرمین کمیٹی نے مزید کہا کہ آئین پاکستان عوام کو معلومات تک رسائی کا حق فراہم کرتا ہے، تاہم جو معلومات قانون کے تحت خفیہ اور مستثنیٰ قرار دی گئی ہیں، ان کی رازداری کو برقرار رکھنا بھی ضروری ہے۔ اجلاس میں بل کے تحت انفارمیشن کمیشن کی تشکیل، ارکان کی اہلیت، تجربے اور پیشہ ورانہ قابلیت سے متعلق مختلف پہلوؤں پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ کمیٹی نے فیصلہ کیا کہ کمیشن کے پانچ ارکان میں سے تین کا تعلق متعلقہ پیشہ ورانہ شعبوں سے ہونا چاہیے تاکہ کمیشن کی کارکردگی اور مؤثریت کو بہتر بنایا جاسکے۔ اجلاس میں سیکرٹری اسمبلی طاہر شاہ کاکڑ، سابق سیکرٹری اطلاعات عمران خان، اسپیشل سیکریٹری اسمبلی عبدالرحمٰن، ڈپٹی سیکرٹری قانون سعید اقبال، احسان برکت اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اختتام پر چیئرمین کمیٹی نے اراکین اور متعلقہ حکام کی شرکت اور تجاویز ان کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 11

لیے تمام دستیاب طبی وسائل بروئے کار لائے جائیں اور امدادی سرگرمیوں کو مؤثر انداز میں جاری رکھا جائے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ انسانی جانوں کا تحفظ اور حادثات کے متاثرین کو بروقت طبی امداد کی فراہمی انتہائی اہم ہے، متعلقہ ادارے اس ضمن میں اپنی ذمہ داریاں پوری کریں۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے حادثے میں جاں بحق افراد کے اہل خانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے مرحومین کی مغفرت، درجات کی بلندی اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا کی۔ انہوں نے زخمیوں کی جلد اور مکمل صحت یابی کے لیے بھی نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

بقیہ 12

عبداللہ میں امن وامان کی صورتحال اور جرائم کے خاتمے سے متعلق اپنی زیر صدارت منعقدہ اعلیٰ سطحی اجلاس کے دوران جاری کیں۔ اجلاس میں قلعہ عبداللہ میں پائیدار امن کے قیام اور جرائم پیشہ عناصر کے خاتمے کے لیے ایک جامع حکمت عملی کے تحت مربوط اقدامات کی منظوری بھی دی گئی۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے محکمہ داخلہ کو ہدایت کی کہ قلعہ عبداللہ میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری اور مجوزہ کارروائیوں سے متعلق ایک ہفتے کے اندر تفصیلی رپورٹ پیش کی جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ علاقے میں امن وامان کی بحالی کے لیے تمام متعلقہ ادارے باہمی رابطے اور مثر حکمت عملی کے تحت اپنی ذمہ داریاں ادا کریں۔

بقیہ 13

بلاول بھٹو زرداری کسی کو سیاسی قیدی سمجھتے ہیں تو وہ حکومت میں ہیں کچھ کریں، میں ہر اس بات کی حمایت کروں گا جس کی حمایت عوام کرتے ہیں، سوال یہ ہے کہ نئے صوبوں کا خاکہ کیا ہوگا، اور کیا نئے صوبے بننے سے پرانے رہیں گے یا نہیں؟۔ سابق وزیراعظم نے کہا کہ نئے صوبوں کا خاکہ کیا ہوگا یہ معمولی بات نہیں ہے، چہرے بدلنے سے بات نہیں بنے گی بلکہ عوام کی رائے کا احترام کریں، جس دن آئین قانون کے مطابق ملک چلے گا تو ملک ترقی کرے گا، نواز شریف چپ نہیں ہیں، ان کے بھائی شہباز شریف اور بیٹی مریم نواز اقتدار میں ہیں، آدمی خود نہیں بولتا بلکہ اس کا عمل بولتا ہے اس کی حکومت بولتی ہے۔ عمران خان کے چیف جسٹس صاحبان کو خط کے حوالے سے ان کا کہنا تھا کہ بات 4 یا 10 گھنٹے کی ملاقات کی نہیں بلکہ بات حق دینے کی ہے، صحت کا حق ہونا چاہیے، خط لکھا ہے تو طبی معائنہ کروادیں۔

بقیہ 14

کے ساتھ عوام کو بھی اپنے مستقبل کے بارے میں آئینی طریقے سے رائے دینے کا حق ملنا چاہیے۔ ریفرنڈم آئین میں موجود ایک راستہ ہے، اسے غیر جمہوری قرار نہیں دیا جاسکتا۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ اگر جمہوریت، پارلیمان کی بالادستی اور آئین پر یقین ہے تو عوام کی براہ راست رائے پر اعتراض کیوں کیا جارہا ہے؟۔ وفاقی وزیر کا کہنا تھا کہ پیپلز پارٹی 18 برس سے سندھ میں اقتدار میں ہے اور 2022 سے وفاقی حکومت میں بھی شریک رہی ہے۔ نظام کی اصلاح کی بات کرنے کے ساتھ پیپلز پارٹی کو اپنی حکمرانی، کارکردگی اور عوام کو سہولیات کی فراہمی کا جائزہ بھی لینا چاہیے۔ طارق فضل چوہدری نے کہا کہ احتساب یکطرفہ نہیں ہوسکتا، ہر سیاسی جماعت اور اس کی قیادت عوام کے سامنے جوابدہ ہے۔ حکمرانی کسی کی جاگیر نہیں بلکہ عوام کی امانت ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیاست کا مقصد اقتدار کی رسہ کشی نہیں بلکہ عوام کی خوشحالی، عزت نفس کا تحفظ اور بہتر حکمرانی ہونا چاہیے۔ اختیارات حقیقی معنوں میں نچلی سطح تک منتقل کرکے عوام کو عملی طور پر بااختیار بنانے کی ضرورت ہے۔ وفاقی وزیر نے مزید کہا کہ پارلیمان اور عوام کی رائے مضبوط جمہوریت کے دو بنیادی ستون ہیں۔ قومی فیصلے بند کمروں میں نہیں بلکہ آئینی تقاضوں، پارلیمانی مکالمے اور عوامی اعتماد کی بنیاد پر ہونے چاہئیں۔ انہوں نے زور دیا کہ عوام کو اپنی رائے دینے کا موقع فراہم کیا جائے اور ان کے فیصلوں کا احترام کیا جائے۔

بقیہ 15

تربیت اور فوجی ساز وسامان کی بحالی کے مشن کو انجام دیتے ہیں۔ فرانسیسی ریڈیو کو انٹرویو دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہاں،) فرانسیسی فوج (یوکرین میں موجود ہے، اور ہم اس کے ساتھ کھڑے ہیں۔ کچھ بھی نہیں چھپایا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کچھ اہلکار کیف میں فرانسیسی سفارت خانے میں تعینات تھے۔ وزیر خارجہ کا یہ تبصرہ روس کے وزیر خارجہ سرگئی لاوروف کی جانب سے فرانس پر روس اور یوکرین جنگ میں براہ راست شرکت کا الزام عائد کرنے کے بعد سامنے آیا ہے، جس میں کہا گیا تھا کہ یوکرین میں فرانسیسی فوجی اہلکاروں کی موجودگی اس تنازع میں براہ راست ملوث ہونے کے مترادف ہے۔ فرانس نے اس الزام کو مسترد کر دیا ہے۔ فرانسیسی وزیر خارجہ نے کہا کہ یوکرین بھیجے جانے والے فرانسیسی اہلکار صرف ٹرینرز اور سامان کی دیکھ بھال کرنے والے عملے تک محدود تھے، جن کی سرگرمیاں فرنٹ لائن سے بہت دور ہوتی ہیں اور ان میں براہ راست فوجی مداخلت نہیں ہوتی۔

بقیہ 16

ی۔ وفاقی وزیر برائے صحت سید مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ 29 نومبر کی ریلی کی تاریخ کا اعلان خالد مقبول صدیقی نے کیا ہے، اس سلسلے میں ہم سے کوئی مشورہ نہیں ہوا۔ ایک انٹرویو میں مصطفیٰ کمال نے کہا ہم تصادم نہیں چاہتے ہم کسی اور دن ریلی نکالیں گے، محسوس کیا جارہا ہے کہ ملک بڑے صوبوں سے چل نہیں پا رہا، ڈاکٹرز کو سرجری کر دینی چاہیے، مریض سے پوچھنا نہیں چاہیے۔ واضح رہے کہ ایم کیو ایم کے سربراہ اور وفاقی وزیر تعلیم خالد مقبول صدیقی نے 2 نومبر کو اعلان کیا تھا کہ 29 نومبر کو شاہراہ فیصل پر ایک بڑی ریلی نکالی جائے گی۔

بقیہ 17

ہونے والی ملاقاتوں میں ایران کے خلاف امریکا اور اسرائیل کے مشترکہ فوجی حملوں کیلئے حکام کو منانے کی کوشش کی ہے۔ رپورٹ کے مطابق، اس دورے پر بریفنگ لینے والے دو باخبر افراد نے بتایا کہ رومن گوفمین نے واشنگٹن میں سی آئی اے کے ڈائریکٹر جان ریٹکلف سمیت ٹرمپ انتظامیہ کے اعلیٰ عہدیداروں سے ملاقاتیں کیں اور انہیں ایران کے حوالے سے اسرائیلی انٹیلی جنس معلومات پر بریفنگ دی۔ اسرائیلی میڈیا کے مطابق موساد کے سربراہ نے میامی کا سفر بھی کیا جہاں انہوں نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے خصوصی ایلچی اسٹیو وٹکوف سے ملاقات کی، جو ایران اور یوکرین کے معاملات پر امریکی سفارت کاری کی قیادت کررہے ہیں۔ یہ دورہ ایک ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے نو نومبر کو قطر کے وزیراعظم سے ملاقات کے بعد کہا تھا کہ وہ فی الحال ایران پر حملے روک رہے ہیں۔ واضح رہے کہ قطر امریکا اور ایران کے درمیان بالواسطہ مذاکرات میں ثالثی کا کردار ادا کررہا ہے تاکہ خطے کو مکمل جنگ کی طرف واپسی سے بچایا جاسکے۔ سفارتی کوششوں میں شامل ایک اور ذریعے نے نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر بتایا کہ خلیجی رہنماں نے بھی صدر ٹرمپ سے رابطہ کر کے درخواست کی ہے کہ وہ ایران پر حملہ نہ کریں، کیونکہ انہیں خدشہ ہے کہ تہران جوابی کارروائی کرتے ہوئے عرب ریاستوں کو نشانہ بنانے کی اپنی دھمکیوں پر عمل کرسکتا ہے۔ ذرائع کے مطابق اسی دوران اسرائیلی وزیراعظم بنجمن نیتن یاہو کے قریبی معتمد اور سابق وزیر رون ڈرمر بھی امریکا میں موجود تھے، جنہوں نے ٹرمپ انتظامیہ کے حکام سے ملاقاتوں میں ایران پر مشترکہ حملے کے حق میں دلائل دیئے۔ رپورٹ کے مطابق موساد چیف اور رون ڈرمر کی ان کوششوں کا مقصد نیتن یاہو کے اس موقف پر صدر ٹرمپ کو قائل کرنا ہے کہ ایران پر حملہ کرنے کا موقع تیزی سے ہاتھ سے نکل رہا ہے۔ رپورٹ کے مطابق، اسرائیل کو تشویش ہے کہ امریکا رواں برس کے اختتام سے قبل خطے میں اپنی بڑی فوجی تعیناتی میں کمی شروع کرسکتا ہے۔ دوسری جانب وائٹ ہاؤس کے ایک عہدیدار نے اس معاملے پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ صدر ٹرمپ کا ماننا ہے واشنگٹن کی اقتصادی دباؤ کی مہم ایران کیلئے اس قدر تباہ کن ثابت ہورہی ہے کہ فی الحال کسی بڑی فوجی کارروائی کی ضرورت نہیں ہے۔ تاہم عہدیدار نے واضح کیا کہ صدر کے پاس یہ یقینی بنانے کے لیے تمام آپشنز موجود ہیں کہ ایران کبھی بھی جوہری ہتھیار حاصل نہ کرسکے۔ وائٹ ہاؤس اور سی آئی اے نے موساد کے سربراہ اور جان ریٹکلف کے درمیان ہونے والی ملاقات پر تبصرہ کرنے سے گریز کیا ہے، جبکہ اسرائیلی وزیراعظم کے دفتر نے بھی اس پر کوئی فوری ردعمل نہیں دیا۔

بقیہ 18

آئل ٹینکر کو نامعلوم سمت سے آنے والی چیز نے نشانہ بنایا، جس سے جہاز کے انجن روم کو نقصان پہنچا۔ یو کے ایم ٹی او نے واقعے کی اطلاع دیتے ہوئے سمندری جہازوں کو محتاط رہنے کی ہدایت کی ہے۔ یو کے ایم ٹی او کے مطابق یہ واقعہ گزشتہ روز عالمی وقت کے مطابق شام 4 بج کر 45 منٹ پر پیش آیا، جب ٹینکر آبنائے ہرمز سے باہر کی جانب سفر کررہا تھا۔ واقعے کا مقام عمان کے علاقے خصب سے تقریباً 6 بحری میل شمال میں بتایا گیا ہے۔ یو کے ایم ٹی او کو مقامی حکام کی جانب سے تاخیر سے اطلاع موصول ہونے کے بعد جمعرات 19 نومبر کو متحدہ عرب امارات کے مقامی وقت کے مطابق رات 2 بج کر 30 منٹ پر واقعے کا الرٹ جاری کیا گیا۔ ادارے کے مطابق جہاز کے عملے کے تمام ارکان محفوظ ہیں اور ان کی موجودگی کی تصدیق کرلی گئی ہے۔

بقیہ 19

سے جاری نئے نوٹم کے مطابق بھارت لیلئے فضائی حدود بندش میں 23 دسمبر 2026 تک توسیع کردی گئی ہے۔ ایئرپورٹ اتھارٹی کے مطابق بھارت کے تمام رجسٹرڈ کمرشل، جیٹ مسافر اور ملٹری طیارے پاکستان کی فضائی حدود استعمال نہیں کرسکتے۔ واضح رہے پاکستان نے بھارت کے لیے 23 اپریل 2025 سے فضائی حدود بند کی تھی۔

بقیہ 20

بنانے سے پہلے چارٹرڈ آف ٹالرلس بنانا چاہیے۔ قومی اسمبلی، سینیٹ اور صوبائی اسمبلی سے دوتہائی اکثریت چاہیئے جبکہ آئین کے آرٹیکل 234 سمیت 10 آرٹیکل میں ترامیم ہوں گی۔ سابق اٹارنی جنرل آف پاکستان کا کہنا تھا کہ پہلے روڈ میپ دیں پھر صوبے بنانے کی بات کریں، سیاسی جماعتوں کو پہلے اپنے اندر جمہوریت پیدا کرنے کی ضرورت ہے۔

بقیہ 21

اور علاقائی امن و استحکام کے منافی ہے۔ ان خیالات کا اظہار اقوام متحدہ میں پاکستان کے نائب مستقل مندوب عثمان جدون نے سلامتی کونسل کے رکن ملک لائبیریا کے زیر اہتمام قدرتی وسائل اور تنازعات، روک تھام اور امن کے لئے تعاون کا فروغ کے موضوع پر منعقدہ آریا فارمولا اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ عثمان جدون نے کہا کہ مستقل ثالثی عدالت نے 31 اگست 2026 کے اپنے فیصلے میں اس بات کی توثیق کی ہے کہ سندھ طاس معاہدہ بدستور نافذ العمل ہے اور بھارت اس کے تحت اپنی ذمہ داریوں کا پابند ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ کسی بھی ملک کو مشترکہ قدرتی وسائل کو بین الاقوامی قانون اور معاہداتی ذمہ داریوں کی خلاف ورزی کرتے ہوئے دباؤ ڈالنے یا سیاسی مقاصد کے حصول کے لئے استعمال کرنے کی اجازت نہیں دی جاسکتی۔ سلامتی کونسل کی قرارداد 2788 کا حوالہ دیتے ہوئے سفیر عثمان جادون نے اقوام متحدہ کے منشور کے آرٹیکل 33 کے تحت تنازعات کے پرامن حل بالخصوص پانی سمیت مشترکہ سرحد پار قدرتی وسائل کے نظام کے حوالے سے اہمیت اجاگر کی۔ قدرتی وسائل اور تنازعات کے باہمی تعلق پر روشنی ڈالتے ہوئے انہوں نے کہا کہ قدرتی وسائل کو استحصال اور تنازعات کا ذریعہ بنانے کے بجائے پائیدار ترقی، مشترکہ خوشحالی اور امن کے فروغ کے لئے بروئے کار لایا جانا چاہئے۔ افریقی ممالک کی جانب سے اپنے قدرتی وسائل پر خودمختار اختیار کے حصول کی جدوجہد کے ساتھ پاکستان کی یکجہتی کا اعادہ کرتے ہوئے نائب مستقل مندوب نے کہا کہ بیرونی مداخلت، وسائل کا غیر قانونی استحصال، سیاسی محرومی، کمزور ادارے اور اشرافیہ کی جانب سے وسائل کی دولت پر اجارہ داری اکثر قدرتی وسائل کو تنازعات کا سبب بنا دیتی ہے۔ انہوں نے جمہوریہ کانگو کی مثال دیتے ہوئے کہا کہ وہاں معدنی وسائل کی بے پناہ دولت عوام کی خوشحالی کے بجائے تنازعات کے تسلسل کا سبب بنی ہوئی ہے۔

بقیہ 22

آئی آر میں نامزد احسن طاہر خان کی ضمانت منظور کر لی گئی۔ ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج خرم سلیم نے دو لاکھ روپے کے مچلکے پر ضمانت منظور کر لی۔ مدعی مقدمہ کی جانب سے ملک محسن محمود کلیامی اور ایڈیشنل سیکرٹری جنرل ہائی کورٹ بار صبا فراز راجا پیش ہوئے۔ مقتولہ ربیعہ احسن کی والدہ، بھائی اور بہن نے عدالت میں بیان حلفی جمع کروا دیا۔ اہلخانہ نے بتایا کہ ربیعہ احسن کی موت ایک حادثہ تھی، عدالت احسن طاہر کو ضمانت پر رہا کرے تو ہمیں اعتراض نہیں۔ عدالت نے بیان حلفی اور ورثا کے بیان پر ملزم کی ضمانت بعد از گرفتاری منظور کر لی۔ ملزم شوہر احسن طاہر کی ضمانت کی رہائی کے عدالتی آرڈر جیل بھیج دیے گئے، ملزم کی شام میں اڈیالہ جیل سے رہائی ہوگی۔

بقیہ 23

کارروائیوں میں ملوث تھے، علاقے میں موجود دیگر خوارج کے خاتمے کے لئے کلیئرنس اور سرچ آپریشنز جاری ہیں، سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کا وژن عزم استحکام کے تحت انسدادِ دہشت گردی کا عزم برقرار ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ملک سے بیرونی سرپرستی اور حمایت یافتہ دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں پوری رفتار سے جاری رہیں گی۔ دریں اثناء وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے خیبر پختونخوا میں خوارجیوں کے خلاف کامیاب آپریشنز پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے آپریشنز کے دوران 22 خوارجیوں کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ قوم کو سیکیورٹی فورسز کے بہادر سپوتوں پر فخر ہے۔ انہوں نے کہا کہ پوری قوم دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے، فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کے خلاف مثر کارروائیاں جاری ہیں اور آخری دہشت گرد کے خاتمے تک یہ کارروائیاں جاری رہیں گی۔ محسن نقوی نے کہا کہ دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے سیکورٹی فورسز کی کوششیں جاری رہیں گی اور قوم اپنے بہادر جوانوں کے ساتھ کھڑی ہے۔

بقیہ 24

دی۔ سابق وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید احمد نے کہا ہے کہ میرے بھتیجے شیخ راشد کو ناحق 60 سال سزا دی گئی ہے اس پر مہربانی کی جائے۔ انسداد دہشت گردی کی خصوصی عدالت میں پیشی کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے شیخ رشید احمد کا کہنا تھا کہ یہ پوری قوم کی خواہش ہے کہ عام آدمی کو ریلیف ملے، آٹا بھی بغیر شناختی کارڈ نہیں ملتا۔ انہوں نے کہا کہ ریڑھی چھابہ والے مزدور اور عام آدمی کو چھینے کیلئے ریلیف دیا جائے، آٹا بھی سستا کیا جائے۔ قبل ازیں انسداد دہشت گردی کی خصوصی عدالت کے جج امجد علی شاہ نے جی ایچ کیو حملہ کیس کی سماعت کی

امر بالمعروف ونہی عن المنکر
اچھائی کی طرف اطلاع کرنا اور برائی سے بچانا
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED
روزنامہ
اطلاع عام
کوئٹہ
چیف ایڈیٹر:۔ محمد عمر

طلال چوہدری آج کل محسن نقوی کے پرسنل سیکرٹری بنے ہوئے ہیں، ندیم افضل چن

اسلام آباد (اے این این) پاکستان پیپلز پارٹی کے ترجمان ندیم افضل چن نے وزیر مملکت داخلہ طلال چوہدری کی تنقید کا شدید جوابی وار کرتے ہوئے مسلم لیگ ن کے اندرونی معاملات سے متعلق دعویٰ کیا ہے کہ طلال چوہدری کو خود ان کی اپنی جماعت اون نہیں کرتی۔ ایک انٹرویو میں ندیم افضل چن نے طلال چوہدری کے بیانات پر ردعمل دیتے ہوئے پیپلز پارٹی کے ترجمان ندیم افضل چن نے کہا کہ طلال چوہدری عملی طور پر محض وفاقی وزیر داخلہ کے پرسنل سیکرٹری کے طور پر کام کر رہے ہیں، حقیقت یہ ہے کہ انہیں خود مسلم لیگ ن والے بھی اون نہیں کرتے۔ ان کا کہنا ہے کہ طلال چوہدری کو مسلم

(بقیہ 4 اندرونی صفحہ 5پر)

ایشیا کے مالیاتی نظام میں بچوں کے حقوق اور ضروریات کو مرکزی حیثیت دی جائے، گیلانی

ایشیا اور بحرالکاہل کا خطہ ایک ارب سے زائد بچوں کا مسکن ہے، پالیسی ڈائیلاگ سے خطاب

اسلام آباد (اے این این) چیئرمین سینیٹ نے حکومتوں، پارلیمانوں اور کیپٹل اکنامی ریگولیٹرز پر زور دیا کہ وہ قومی مالیاتی پالیسیوں اور بجٹ سازی کے عمل میں بچوں کے حقوق سے ہم آہنگ بنائیں اور وعدوں کو عملی سرمایہ کاری میں تبدیل کریں۔ پنگاک 19 نومبر 2026ء جنیوا میں چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے پنگاک سینوی ڈیلیگیشن کے زیر اہتمام پالیسی ڈائیلاگ سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومتوں، پارلیمانوں اور کیپٹل ریگولیٹری اتھارٹیز کو یہ ادراک کرنا چاہیے کہ بچوں کے حقوق سے متعلق وعدوں کو قابل پیمائش اور بجٹ سے مربوط اقدامات میں تبدیل کیے بغیر ان کا مؤثر نفاذ ممکن نہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایشیا کے بچوں کی فلاح و بہبود سے متعلق وعدوں کو قابل پیمائش

(بقیہ 3 اندرونی صفحہ 5پر)

صدر مملکت کا خیبر پختونخوا میں 22 خوارج کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد (سی این ایس) صدر مملکت آصف علی زرداری نے خیبر پختونخوا میں مختلف کارروائیوں کے دوران بھارتی سرپرستی میں سرگرم 22 خوارج کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ جمعرات کو ایوان صدر کے پریس ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت نے جنوبی وزیرستان، بنوں اور ٹانک میں مختلف کارروائیوں کے دوران خوارج کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو شاندار مہارت اور بہادری کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ ہلاک ہونے والے خوارج کا تعلق افغان سرزمین سے تھا اور وہ پاکستان میں دہشت گردی کی کارروائیوں میں ملوث تھے۔ صدر مملکت نے کہا کہ پاکستان کے عوام کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کیا جا سکتا۔ خطے کے آغاز میں چیئرمین سینیٹ نے سینوی ڈیلیگیشن کا خیر مقدم کیا اور اس کے شرکاء کو داروں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ یکجا کے خطرات کا مقابلہ کرنے کے لیے ہم آہنگ حکمت عملی ضروری ہے۔ ایشیا کے بچوں کی ترقی کے ثمرات سے محروم نہیں رہنا چاہیے چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ ایشیا اور بحرالکاہل کا خطہ ایک ارب سے زائد بچوں کا مسکن ہے اور

(بقیہ 2 اندرونی صفحہ 5پر)

مشرق وسطیٰ میں کشیدگی کے باوجود خلیجی ممالک محفوظ ترین ممالک میں سرفہرست

ریاض (اے این این) مشرق وسطیٰ میں کشیدگی کے باوجود خلیجی ممالک محفوظ ترین ممالک کی فہرست میں سرفہرست ہیں۔ گیلپ سروے میں سعودی عرب سات برس کے وقفے بعد پہلی بار محفوظ ترین ملک قرار دیا گیا، سعودی عرب میں 96 فیصد بالغ افراد نے خود کو محفوظ قرار دیا، سعودی عرب میں محفوظ ترین ممالک کی فہرست میں سرفہرست ہیں۔ گیلپ سروے میں سعودی عرب رات کے وقت تنہا پیدل چلنے کے لیے محفوظ ترین ملک قرار دیا گیا، سعودی عرب میں 96 فیصد بالغ افراد نے خود کو محفوظ قرار دیا، سعودی عرب میں محفوظ کا احساس 2025 کے 95 فیصد سے بڑھ کر 96 فیصد ہوگیا۔ بحرین میں 93 فیصد شہریوں نے خود کو محفوظ قرار دیا، متحدہ عرب امارات 96 فیصد بالغ افراد نے خود کو محفوظ قرار دیا، سعودی عرب میں محفوظ کا احساس 2025 کے 95 سے 10 محفوظ ترین ممالک میں چار خلیجی ریاستیں شامل ہیں۔ رپورٹ کے مطابق متحدہ عرب امارات، سعودی عرب، کویت اور بحرین ٹاپ 10 میں شامل ہیں، گیلپ لا انڈیکس آرڈر انڈیکس میں متحدہ عرب امارات 95 پوائنٹس کے ساتھ نمایاں ہے۔ بحرین 93 جبکہ کویت اور سعودی عرب 92 پوائنٹس کے ساتھ نمایاں رہے۔ مشرق وسطیٰ میں کشیدگی کے باوجود خلیجی ممالک محفوظ ترین ممالک کی فہرست میں سرفہرست ہیں۔ گیلپ سروے میں سعودی عرب رات کے وقت تنہا پیدل چلنے کے لیے محفوظ ترین ملک قرار دیا گیا، سعودی عرب میں 96 فیصد بالغ افراد نے خود کو محفوظ قرار دیا، سعودی عرب میں محفوظ کا احساس 2025 کے 95 سے بڑھ کر 96 فیصد ہوگیا۔ بحرین میں 93 فیصد شہریوں نے خود کو محفوظ قرار دیا، متحدہ عرب امارات 96 فیصد بالغ افراد نے خود کو محفوظ قرار دیا، سعودی عرب میں محفوظ کا احساس 2025 کے 95 سے 10 محفوظ ترین ممالک میں چار خلیجی ریاستیں شامل ہیں۔ رپورٹ کے مطابق متحدہ

(بقیہ 7 اندرونی صفحہ 5پر)

۲ نئے صوبوں پر خونریزی کی بات پورے پاکستان کو دھمکی ہے، خالد مقبول

سندھ کے عوام کی اکثریت نئے انتظامی یونٹس کے قیام کے حق میں ہے، اس حوالے سے سوالات کے جوابات سامنے آنے چاہئیں

دلیل کا جواب دھمکی نہیں ہوتا، سندھ کے شہروں کو کسی کی جاگیر نہیں بننے دیں گے، وفاقی وزیر تعلیم کی پریس کانفرنس سے خطاب

کراچی (اے این این) وفاقی وزیر تعلیم و رہنما ایم کیو ایم پاکستان خالد مقبول صدیقی نے کہا ہے کہ بلاول خواہ مخواہ کے جھٹو ہیں، نئے صوبوں پر خونریزی کی بات پورے پاکستان کو دھمکی ہے، دلیل کا جواب دھمکی نہیں ہوتا، ہم سندھ کے شہروں کو کسی کی جاگیر نہیں بننے دیں گے۔ جمعرات کو کراچی میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے خالد مقبول صدیقی نے کہا کہ نئے صوبوں کا مطالبہ اب محض شہری سندھ تک محدود نہیں رہا بلکہ پورے پاکستان کی ضرورت بن چکا ہے اور اس معاملے پر ملک بھر میں بات ہو رہی ہے۔ انہوں نے میں کہا کہ کرنے صوبوں کا مطالبہ اب محض شہری سندھ تک محدود نہیں رہا بلکہ پورے پاکستان کی ضرورت بن چکا ہے اور اس معاملے پر ملک بھر میں بات ہو رہی ہے۔ انہوں نے میں کہا کہ تھی، آج وہ پورا پاکستان کررہا ہے۔ انہوں نے انتشار کیا کہ جب پاکستان میں صوبوں کا مطالبہ کیا جاتا ہے تو خونریزی کی بات کیوں ہوتی

(بقیہ 5 اندرونی صفحہ 5پر)



کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پارلیمانی سیکرٹری انجینئر عبدالجبار بادینی ملاقات کررہے ہیں

۲ نئے صوبوں پر خونریزی کی بات پورے پاکستان کو دھمکی ہے، خالد مقبول

سندھ کے عوام کی اکثریت نئے انتظامی یونٹس کے قیام کے حق میں ہے، اس حوالے سے سوالات کے جوابات سامنے آنے چاہئیں

دلیل کا جواب دھمکی نہیں ہوتا، سندھ کے شہروں کو کسی کی جاگیر نہیں بننے دیں گے، وفاقی وزیر تعلیم کی پریس کانفرنس سے خطاب

کراچی (اے این این) وفاقی وزیر تعلیم و رہنما ایم کیو ایم پاکستان خالد مقبول صدیقی نے کہا ہے کہ بلاول خواہ مخواہ کے جھٹو ہیں، نئے صوبوں پر خونریزی کی بات پورے پاکستان کو دھمکی ہے، دلیل کا جواب دھمکی نہیں ہوتا، ہم سندھ کے شہروں کو کسی کی جاگیر نہیں بننے دیں گے۔ جمعرات کو کراچی میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے خالد مقبول صدیقی نے کہا کہ نئے صوبوں کا مطالبہ اب محض شہری سندھ تک محدود نہیں رہا بلکہ پورے پاکستان کی ضرورت بن چکا ہے اور اس معاملے پر ملک بھر میں بات ہو رہی ہے۔ انہوں نے میں کہا کہ تھی، آج وہ پورا پاکستان کررہا ہے۔ انہوں نے انتشار کیا کہ جب پاکستان میں صوبوں کا مطالبہ کیا جاتا ہے تو خونریزی کی بات کیوں ہوتی

(بقیہ 5 اندرونی صفحہ 5پر)

جی ایم گڈا کی بی آر ایس پی دفتر گوادر آمد، ڈسٹرکٹ پروجیکٹ آفیسر سے ملاقات

مقامی نوجوانوں کو ہنرمند بنا کر صنعتی ترقی اور روزگار کے ثمرات میں شریک کرنا ہمارا مشن ہے، محمد ہاشم بزنجو

گوادر (پ ر) گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ ڈیولپمنٹ اتھارٹی کے جنرل منیجر ہاشم بزنجو نے بلوچستان رورل سپورٹ پروگرام (BRSP) کے دفتر گوادر کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے ڈسٹرکٹ پروجیکٹ آفیسر زبیر حسنو سے ملاقات کی۔ ملاقات میں RISE پروگرام، جاری ہنر، ویشہ درانتر سٹی سرگرمیوں، نوجوانوں کی استعداد کار میں اضافے اور مقامی سطح پر روزگار کے مواقع پیدا کرنے سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔اس موقع پر بی آر ایس پی کے ڈسٹرکٹ آفیسر عاطف محمد علی اور آئس انچارج جی ایم ریگ نے جنرل منیجر کو پروگرام کے مختلف اجزاء، جاری تربیتی سرگرمیوں اور مقامی آبادی کے معاشی استحکام و روزگار کے فروغ کے لیے اٹھائے گئے اقدامات پر تفصیلی بریفنگ دی۔ جنرل منیجر محمد ہاشم بزنجو نے کہا کہ گوادر انٹرنیشنل زون میں مستقبل میں پیدا ہونے والے روزگار کے مواقع سے مقامی نوجوانوں کو مستفید کرنے کے لیے ضروری ہے کہ فنی و پیشہ ورانہ تربیت کو صنعتی شعبے کی ضروریات اور مارکیٹ کی تقاضوں سے ہم آہنگ کیا جائے۔ تاکہ تربیت

(بقیہ 10 اندرونی صفحہ 5پر)



وزیراعظم کا 22 دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد (سی این ایس) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے خیبر پختونخوا کے اضلاع جنوبی وزیرستان، بنوں اور ٹانک میں سیکیورٹی فورسز کے کامیاب آپریشنز کے دوران بھارتی سرپرستی میں سرگرم فتنہ الخوارج کے 22 دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔ وزارت ریلوے سے کیے گئے ایک تکنیکی دورے کے دوران وزیراعظم نے کہا کہ ہماری سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت اور بہادری قابل تحسین ہے اور وہ دہشت گردی کے ہر ناسور کو ختم کرنے کے لیے پرعزم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے عمل خاتمے تک سیکیورٹی فورسز کو ہر ممکن تعاون فراہم کیا جائے گا۔ شہریوں کی ترقی اور خوشحالی کی ضمانت صرف امن ہے۔ ہم دہشت گردی کے ہر ناسور کو ختم کرنے کے لیے پرعزم ہیں۔ یہ ہمارے بچوں کے مستقبل کی جنگ ہے۔ ہم اپنی سیکیورٹی فورسز کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کریں گے۔ ہماری سیکیورٹی فورسز کے عمل خاتمے تک ہماری جنگ جاری رہے گی۔ پوری قوم دہشت گردی کے خلاف جنگ

(بقیہ 9 اندرونی صفحہ 5پر)

خنیف عباسی کی 22 دہشت گردوں کی ہلاکت پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد (سی این ایس) وفاقی وزیر ریلوے محمد خنیف عباسی نے خیبر پختونخوا کے اضلاع جنوبی وزیرستان، بنوں اور ٹانک میں سیکیورٹی فورسز کے کامیاب آپریشنز کے دوران بھارتی سرپرستی میں سرگرم فتنہ الخوارج کے 22 دہشت گردوں کی ہلاکت پر سیکیورٹی فورسز کو زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔ وزارت ریلوے سے کیے گئے ایک تکنیکی دورے کے دوران وزیراعظم نے کہا کہ ہماری سیکیورٹی فورسز پیشہ ورانہ مہارت، جرات اور بہادری قابل تحسین ہے اور وہ دہشت گردی کے ہر ناسور کو ختم کرنے کے لیے پرعزم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے عمل خاتمے تک سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں اور

(بقیہ 1 اندرونی صفحہ 5پر)

بیوی کے قتل کا کیس، شوہر کی عمر قید کی سزا کالعدم قرار

لاہور (سی این ایس) لاہور ہائی کورٹ نے بیوی کے قتل کے مقدمے میں شوہر کی عمر قید کی سزا کالعدم قرار دے دی۔ جسٹس وحید خان نے ملزم محمد ریاض عمر کی اپیل منظور کرتے ہوئے ملزم محمد ریاض عمر کی سزا کالعدم قرار دے دی۔ عدالت نے گواہوں کے بیانات میں تضاد ہونے کی بنیاد پر ملزم کو بری کر دیا۔ لاہور ہائی کورٹ کی جانب سے کیا گیا ہے کہ کیس کے 8 گھنٹے کی تاخیر سے درج ہوا جبکہ تھانہ 2 کلومیٹر دور تھا۔ عدالت نے کہا کہ گواہوں کے بیانات میں تضاد ہونے کی بنیاد پر ملزم کو بری کر دیا۔ لاہور ہائی کورٹ کی جانب سے کیا گیا ہے کہ کیس کے 8 گواہوں کو درج کرنے میں تاخیر ہوئی

آفیسر ایسوسی ایشن بلوچستان ایجوکیشنل فیڈریشن ایسوسی ایشن
Dist. ETLA-E-AAM Quetta
روزنامہ
اطلاع عام
کوئٹہ
چیف ایڈیٹر: محمد عمر
E-mail: Ettaeaam2010@gmail.com
چیف ایڈیٹر محمد عمر نے الکریم پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر نیوز افغان روڈ کوئٹہ سے شائع کیا
فون نمبر: 081-2820055 ، 081-2453865
کلیئر نمبر: 081-2828245
Email:Etlaeaam2010@gmail.com

30واں اجلاس، ای سی او وزراء کونسل

وزیراعظم شہباز شریف نے اقتصادی تعاون تنظیم (ای سی او) کے مقاصد کے حصول کے لئے پاکستان کے مضبوط عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ علاقائی معاشی تعاون کو تیز کرنے کے لئے موجودہ معاہدوں پر مؤثر عملدرآمد اور ادارہ جاتی نظام کو مضبوط بنانا ضروری ہے تاکہ مشترکہ وژن کو ٹھوس کے عوام کے لئے حقیقی فوائد کے حامل عملی اقدامات میں تبدیل کیا جاسکے۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار بحیرہ کوائی سی او ممالک کے وزرائے خارجہ اور وفود کے سربراہان سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ وزیراعظم نے وزرائے کونسل کے 30ویں اجلاس کے کامیاب انعقاد کو سراہتے ہوئے اسلام آباد اعلامیہ اور 2026ء تا 2035ء تک معاشی تعاون کے لئے طے کیے گئے سٹریٹجک اہداف کی منظوری کا بھی خیر مقدم کیا۔ انہوں نے تجارت، سرمایہ کاری، ٹرانسپورٹ، علاقائی رابطہ کاریوں، توانائی، انفارمیشن اینڈ کمیونیکیشن ٹیکنالوجی اور پائیدار ترقی کے شعبوں میں تعاون بڑھانے پر زور دیا۔ وزیراعظم نے ای سی او کے سیکرٹری جنرل اسماعیل اولدتاشخ احمد سے بھی ملاقات کی جس میں مسلم اُمہ کو درپیش پیچیدہ چیلنجوں سے نبٹنے کے لئے اسلامی تعاون تنظیم کے کردار کو مزید مؤثر بنانے کے علاوہ فلسطین اور مقبوضہ جموں وکشمیر کے مظلوم عوام کی حمایت جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ بھی کیا گیا۔ نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار نے مذکورہ بالا کانفرنس سے اختتامی خطاب اور بعدازاں پریس کانفرنس میں اعلان کیا کہ مکہ دفاعی اتحاد کی سٹریٹجک سیاسی اور دفاعی کمیٹی کا آئندہ اجلاس رواں ماہ کے آخر میں اسلام آباد میں ہوگا جبکہ اس اتحاد کا دائرہ کار صرف تین ممالک تک محدود رکھنے کا ارادہ نہیں ہے۔ اُن کا کہنا تھا کہ پاکستان کی 2026ء اور 2027ء کے لئے ای سی او کی صدارت کا بنیادی مقصد علاقائی تعاون، تجارت اور سرمایہ کاری کو فروغ دینے کے علاوہ وسطی اور جنوبی ایشیاء کے درمیان روابط مضبوط بنانا ہے، پاکستان تنظیم کے چارٹر، خود مختاری، مساوات، باہمی احترام، عدم مداخلت اور مشترکہ مفادات پر مبنی تعاون کے اصولوں کے حصول کے لئے پُرعزم ہے۔ ای سی او وژن 2035ء تعارف کرا دیا گیا ہے تاہم پانچ اہم ترجیحات پر پیشرفت کے لئے خطے میں امن اور استحکام ناگزیر ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ علاقائی روابط محض سڑکوں اور تجارتی راستوں کی تعمیر تک محدود نہیں بلکہ بین الاقوامی قانون، معاہدوں کے احترام اور تنازعات کے پُرامن حل سے بھی جُڑے ہیں، پاکستان مذاکرات اور سفارت کاری کے ذریعے کشیدگی میں کمی اور پائیدار اَمن کے قیام کے لئے کوششیں جاری رکھے گا۔ ایران اور امریکہ کے درمیان معاملات سے متعلق سوال پر نائب وزیراعظم کا کہنا تھا کہ پاکستان نے مذاکراتی عمل کو آگے بڑھانے کی کوششیں ترک نہیں کیں اور اسلام آباد مفاہمتی یادداشت پر عملدرآمد کے ذریعے معاملات کے حل کے لئے پُرامید ہے۔ افغانستان کے حوالے سے اُنہوں نے واضح کیا کہ پاکستان کو افغان عوام سے کوئی مسئلہ نہیں بلکہ اُس کی تشویش دہشت گرد تنظیموں اور پاکستانی سرزمین پر اُن کے حملوں سے متعلق ہے۔ پاکستان کا بنیادی مطالبہ ہے کہ افغان سرزمین کسی بھی ہمسایہ ملک، بالخصوص پاکستان کے خلاف دہشت گردی کے لئے استعمال نہ ہو۔ افغانستان دہشت گرد عناصر کے خلاف عملی کارروائی کرتا ہے تو پاکستان تعاون، حمایت اور مدد کے لئے تیار ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ افغانستان ایک قدم آگے بڑھائے تو پاکستان دو قدم آگے بڑھنے کے لئے تیار ہے۔ ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ای او ممالک نے امریکہ کے ساتھ جنگ کے خاتمے کی کوششوں کے سلسلے میں تہران کے پیش کردہ منصوبے کی حمایت کی ہے۔ واشنگٹن ایرانی شرائط تسلیم کرلیتا ہے تو ایران دو روز کے اندر آبنائے ہرمز کھولنے پر تیار ہے۔ انہوں نے پاکستان کے ثالثی کردار پر بھی اطمینان کا اظہار کیا۔ وزرائے کونسل کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ تہران کے علاقائی ممالک کے ساتھ کوئی بنیادی تنازعات نہیں اور وہ دوستانہ و تعمیری تعلقات کے فروغ کے لئے پُرعزم ہے، تاہم کسی بھی علاقائی ملک کی سرزمین، فضائی حدود اور تنصیبات کو دوسرے ملک کے خلاف حملوں کے لئے استعمال نہیں ہونا چاہئے۔ ان کے مطابق علاقائی روابط، تجارت میں آسانی اور توانائی کے شعبے میں تعاون بڑھانے سے اجتماعی استحکام کو تقویت ملے گی، بیرونی خطرات اور انحصار میں کمی آئے گی اور ایک مربوط و خود کفیل خطے کی تشکیل ممکن ہوگی۔ انہوں نے جدید، جامع اور مؤثر تجارتی معاہدے کو علاقائی تجارت کے فروغ اور اقتصادی استحکام کے لئے اہم قرار دیا۔ اقتصادی تعاون تنظیم (ای سی او) کے 10 رُکن ممالک قدرتی وسائل، افرادی قوت، زرعی پیداوار، صنعتی صلاحیت اور جغرافیائی محل وقوع کے اعتبار سے ایک دوسرے کی معاشی ضروریات پوری کرنے کی بھرپور استعداد رکھتے ہیں۔ 1985ء میں پاکستان، ایران اور ترکیہ نے اس تنظیم کی بنیاد رکھی، بعدازاں افغانستان اور وسطی ایشیاء کی پانچ ریاستوں کی شمولیت سے اس کے ارکان کی تعداد 10 ہوگئی۔ ایران، آذربائیجان، قازقستان اور ترکمانستان تیل اور قدرتی گیس کے وسیع ذخائر رکھتے ہیں جبکہ قازقستان اور اُزبکستان سونے، یورینیم اور دیگر معدنی وسائل سے مالا مال ہیں۔ ترکیہ مضبوط صنعتی اور برآمدی معیشت کا حامل ہے، پاکستان زراعت، ٹیکسٹائل اور معدنیات کے شعبوں میں اہمیت رکھتا ہے، افغانستان وسطی اور جنوبی ایشیاء کے درمیان تجارتی راہداری بننے کی صلاحیت رکھتا ہے جبکہ تاجکستان اور کرغزستان پن بجلی کے وسائل سے مالا مال ہیں۔ ان ممالک کی معاشی صلاحیتوں کو یکجا کر کے توانائی، صنعت، خوراک، معدنیات اور تجارت کے شعبوں میں ایک مضبوط علاقائی منڈی تشکیل دی جاسکتی ہے تاہم سیاسی کشیدگی، باہمی عدم اعتماد، سرحدی تنازعات، افغانستان کی غیر یقینی صورتحال، دہشت گردی، ایران پر عائد پابندیاں اور عالمی طاقتوں کے اختلافات اس تعاون کی راہ میں بڑی رکاوٹ ہیں۔ پاکستان اور افغانستان کے تعلقات میں تناؤ، ایران اور امریکہ کی کشیدگی اور آبنائے ہرمز کی صورت حال بھی علاقائی تجارت اور توانائی کی ترسیل کو متاثر کر رہی ہے۔ ان حالات میں محض اجلاسوں اور اعلامیوں کے بجائے عملی اقدامات ناگزیر ہیں۔ رُکن ممالک کو باہمی تنازعات کے حل کے لئے مستقل سفارتی نظام قائم کرنے، دہشت گردی کے خلاف مشترکہ حکمت عملی اپنانے اور ایک دوسرے کی خودمختاری و سلامتی کا احترام یقینی بنانے کی ضرورت ہے۔ ترجیحی تجارتی معاہدوں پر عملدرآمد، کسٹمز کے طریقہ کار میں آسانی، مشترکہ بینکاری اور ادائیگیوں کے نظام کے علاوہ مقامی کرنسیوں میں تجارت کو فروغ دینا بھی ضروری ہے۔ ریلوے، شاہراہوں، بندرگاہوں، توانائی کی پائپ لائنوں اور بجلی کی ترسیل کے منصوبوں کے لئے مشترکہ سرمایہ کاری فنڈ قائم کیا جاسکتا ہے۔

بلاول بھٹو کی انقلابی تقریر یا فدوی کی عرضی

پہلی بات تو یہ ہے بلاول بھٹو زرداری کی اردو بہت بہتر ہوگئی ہے۔ مشکل لفظ بھی بڑی آسانی سے بول لیتے ہیں۔ 38 سال بعد میچورٹی تو آ ہی جاتی ہے۔ اب پریس کلب کراچی میں جو

نسیم شاہد

تقریر کی ہے، اس پر نظر ڈالیں تو اس میں ایک بلاول جمہوریت کا چیمپئن بن کر ابھرتا ہے اور دوسرا ایسا پشیمان شخص جو اپنے ہی فیصلوں پر پچھتا رہا ہے اور خود پر تنقید بھی کر رہا ہے۔ یہ احساسِ رائیگانی کا نتیجہ ہے یا پھر مستقبل کی پیش بندی۔ خود کو جمہوری اور جمہوریت کا محافظ قرار دینے کی ایک کوشش ہے یا پھر کسی کے لئے پیغام ہے۔ بلاول بھٹو زرداری پاکستانی سیاست میں سب سے نوجوان پارٹی چیئرمین ہیں۔ مستقبل ان کے لئے کھلا ہے تاہم اس موقع پر اچالکھ ان کا یوں پھٹ پڑنا حیران ضرور کر گیا ہے۔ ابھی ایک سال سے بھی کم عرصہ پہلے وہ ستاسیویں ترمیم کی منظوری پر چپک رہے تھے اور اب اس ترمیم کو دباؤ اور مجبوری کا شاخسانہ کہہ رہے ہیں، اس عرصے میں ایسا کیا ہوا ہے کہ بلاول بھٹو زرداری بدل گئے، ان کی سوچ تبدیل ہوگئی ہے۔ آج وہ عمران خان کو سیاسی قیدی قرار دے کر تمام سیاسی قیدیوں کو رہا کرنے کی بات کر رہے ہیں مگر اس سے پہلے ایک سال سے یہ خبریں آ رہی تھیں کہ عمران خان کو قید تنہائی میں رکھا گیا ہے، کسی سے ملنے نہیں دیا جا رہا، لیکن بلاول بھٹو نے زبان تک نہیں کھولی ان کے حق میں ایک بیان تک نہیں دیا بلکہ الٹا کئی مواقع پر شہزادا یہ بلاول اگر اپنی تقریر میں صوبوں کے حوالے سے بات نہ کرتے تو ان کی ان باتوں میں ایک وزن پیدا ہو جاتا، پھر یہ سمجھا جاتا کہ ان کے اندر جمہوریت، انسانی حقوق اور عدل و انصاف کے حوالے سے ایک شمع فروزاں ہوئی ہے مگر جس طرح انہوں نے سندھ میں صوبے بنانے کے ضمن میں سخت موقف اختیار کیا بات خون خرابے تک لے گئے، اس نے یہ واضح کر دیا کہ ان کی یہ ساری سمع فراشی درحقیقت یہ بتانے کی کوشش ہے کہ اگر صوبوں کی بات ہوئی تو ہم پوٹرن لے کر پاس کی گئی ترمیم کے خلاف بھی بولیں گے اور عمران خان کی حمایت بھی بولیں گے تو کیا بلاول بھٹو زرداری کی، عمران خان، گورنر راج، سیاسی قیدیوں اور وزرائے اعظم کو گھر سے جیل بھیجنے اور جیل سے اقتدار کی کرسی تک لانے موقف یہی ہوگا جو انہوں نے اپنی تقریر میں بیان کیا۔ عمران خان کی حکومت گرا کے اس بندوبستی نظام کے آتے ہی بلاول بھٹو زرداری نے خود دیکھ لیا تو پرانا پاکستان کہا تھا۔ گویا پرانے پاکستان کو انہوں نے اس تمام خوبیوں خامیوں سمیت قبول کر لیا تھا۔ اس میں وزرائے اعظم کو گھر بھیجنے، پھر جیل میں ڈالنے اور جیل سے تخت اقتدار پر پہنچانے کے سب واقعات شامل تھے۔ اب وہ ان باتوں پر تنقید کر رہے ہیں۔ اقتدار میں رہنے کے دو اڑھائی سال بعد یہ خیال کیسے آ گیا اور آ ہی گیا ہے تو کتنے عرصے برقرار رہے گا۔ بلاول بھٹو زرداری کی تقریر پر واہ واہ کرنے والوں کی کمی نہیں۔ اگر ان باتوں کے پس منظر میں وہ تضادات نہ ہوتے جن کا بلاول شکار ہیں تو میں بھی واہ واہ کرتا، بلکہ تالیاں بجاتا، مگر وہ سچ جو اپنے کسی خاص ایجنڈے کے تحت بولا جائے وہ سچ نہیں ہوتا جو کہ ہوتا ہے۔

پیپلز پارٹی اگر خود کو قومی جماعت کہتی ہے تو اسے اس خوف سے نکلنا ہوگا کہ سندھ میں ایک یا دو مزید صوبے بن گئے تو اس کی سیاست ختم ہو جائے گی۔ ہاں یہ اس کا حق ہے اسمبلی میں اگر یہ معاملہ آئے تو اس کی مخالفت کرے ترمیم پاس نہ ہونے دے، مگر یہ خون خرابے کی دھمکیاں دے کر اس فرق کو کیوں مٹایا جا رہا ہے جو ایک سیاسی جماعت اور دہشت گرد تنظیم میں ہوتا ہے۔ پیپلز پارٹی کیا صرف سندھ کی جماعت ہے، اگر سندھ کی جماعت ہے، صوبے بن بھی جائیں ان میں آبادی تو سندھ میں رہنے والوں کی ہی رہے گی، وہ اس صورت میں بھی پیپلز پارٹی ہی کو ووٹ دیں گے۔ پھر ڈر کس بات کا ہے۔ پیپلز پارٹی وفاقی جماعت ہونے کی دعویدار ہے تو پھر جتنے بھی صوبے بن جائیں وہ اپنے ووٹ بینک سے کامیابی حاصل کر لے گی۔ وہ اگر صوبوں کی خاطر نہیں بلکہ ملک میں حقیقی جمہوریت کے لئے جدوجہد کا آغاز کرنا چاہتی ہے۔ جیسا کہ بلاول بھٹو زرداری نے اپنی تقریر میں نکات بیان کئے ہیں تو پھر اسے اقتدار سے باہر آ کر یہ کرنا ہوگا۔ یہ نہیں ہو سکتا کہ وہ باغبان بھی خوش رہے اور راضی رہے وہ بھی، والی پالیسی اپنا کر اپنی سیاست چمکاتی رہے۔ بلاول بھٹو زرداری کی تقریر کو کسی بڑی تبدیلی یا جدوجہد کا اشارہ نہ سمجھا جائے۔ یہ پیغام رسانی کا عمل ہے، دیکھتے ہیں بات بنتی ہے یا نہیں۔

آئین و جمہوریت کی بحالی اور سیاسی قیدیوں کی رہائی کا مطالبہ

محترم لیاقت بلوچ، نائب امیر جماعتِ اسلامی، پاکستان اور

ریاض احمد چوہدری

جناب بلاول زرداری، چیئرپرسن پاکستان پیپلز پارٹی نے مطالبہ کیا ہے کہ پاکستان میں سیاسی قیدیوں کا سلسلہ ختم ہونا چاہیے اور عمران خان کو بھی سیاسی قیدی سمجھتے ہوئے ان کی رہائی کے لیے ماحول سازگار بنایا جائے۔ کسی بھی سیاسی جماعت کو دیوار سے لگانا یا سیاسی بنیادوں پر قید کرنا جمہوریت کے لیے درست نہیں ہے۔

بانی پی ٹی آئی عمران خان کا اپنے وکیل کے ذریعے وفاقی آئینی عدالت، سپریم کورٹ اور اسلام آباد ہائی کورٹ کے چیف جسٹس صاحبان کے نام خط بہت اہم ہے اور سیاسی قیادت کے ساتھ جیل میں روا رکھی جانے والی سختیوں، علاج معالجے کی سہولیات سے محرومی اور انصاف کے حصول میں رُکاوٹوں کی چشم کُشا نشان دہی ہے۔ سیاست، جمہوریت، انسانیت، ہارڈ اسٹیٹ ڈاکٹرائین کی بھینٹ نہ چڑھائی جائے۔ آئین، قانون اور انسانی حقوق کے دائروں میں سابق وزیراعظم عمران خان جن حقوق اور سہولتوں کے حق دار ہیں عدلیہ اُنہیں یقینی بنائے، حکومتیں اور عدالتیں خصوصاً تمام گرفتار خواتین کی رہائی کا بندوبست کریں۔

قومی قیادت کے عالمی دورے، سفارتی تنہائی کو ختم کرنے کے اقدامات، عالمی فورمز پر سفارتی کوششیں بہت اچھی ہیں لیکن یہ عمل مسائل کا کامل حل نہیں، اندرونی محاذ پر سیاسی، معاشی استحکام ناگزیر ہے۔ نظام کے زوال اور تباہی نیز 'ری سیٹ' کی بھی وزراء کی نشاندہی کر رہے ہیں۔ وفاقی اور صوبائی سطح پر اہم حکومتی عہدیداروں کے الگ الگ بیانئے اور اتحادی حکومت میں مسلم لیگ ن اور پی پی پی کی مسلسل خدشہ ہوتا ہے۔

الیکشن کمیشن آف پاکستان کے مطابق، زیادہ تر سیاسی حکومتیں بلدیاتی انتخابات کے انعقاد اور مقامی سطح پر جمہوریت کو مضبوط کرنے میں سنجیدہ دلچسپی نہیں رکھتی ہیں۔ جماعت اسلامی کے امیر حافظ نعیم الرحمٰن اور دیگر رہنماؤں (جیسے لیاقت بلوچ) نے بلدیاتی انتخابات اور قوانین میں اصلاحات کے لیے عدالتوں سے رجوع کر رکھا ہے اور ملک بھر میں احتجاج کا اعلان بھی کیا ہے۔ سیاسی رسہ کشی بدستور جاری ہے۔

پوری قوم کا فخر ہیں۔ خیبر پختونخوا میں گورنر راج، ایمرجنسی کے نفاذ کو 35 دن ہوگئے، انتظامیہ، مقتدمہ، عدلیہ پر مکمل ریاستی بالادستی اور کنٹرول ہے لیکن کوہاٹ، ڈیرہ اسماعیل خان میں ہولناک دہشت گرد حملوں نے پوری قوم کو بڑی تشویش میں مبتلا کر رکھا ہے۔ سونا تلاش کرنے والے پرائیویٹ کنٹریکٹرز کو بیدخل کر دیا گیا ہے، ہزاروں محنت کش بیروزگار ہوگئے ہیں، کیا اِس اقدام سے بیروزگاروں کو دہشت گرد مائنڈ سیٹ کیلئے تر نوالہ بنا دیا گیا ہے؟ درست اقدام کریں لیکن حکمت اور پائیداری کے ا؟ صول کو قائم رکھا جائے، بلاتاخیر میرٹ پر پرائیویٹ کنٹریکٹ دیئے جائیں۔ سیکیورٹی فورسز اور پولیس صاحبان کے نام خط بہت اہم ہے اور سیاسی قیادت کے ساتھ جیل میں روا رکھی جانے والی سختیوں، علاج معالجے کی سہولیات سے محرومی اور انصاف کے حصول میں ر؟ کاوٹوں کی چشم ک؟ شا نشان دہی ہے۔ سیاست، جمہوریت، انسانیت، ہارڈ اسٹیٹ ڈاکٹرائین کی بھینٹ نہ چڑھائی جائے۔ آئین، قانون اور انسانی حقوق کے دائروں میں سابق وزیراعظم عمران خان جن حقوق اور سہولتوں کے حق دار ہیں عدلیہ اُنہیں یقینی بنائے، حکومتیں اور عدالتیں خصوصاً تمام گرفتار خواتین کی رہائی کا بندوبست کریں۔

قومی قیادت کے عالمی دورے، سفارتی تنہائی کو ختم کرنے کے اقدامات، عالمی فورمز پر سفارتی کوششیں بہت اچھی ہیں لیکن یہ عمل مسائل کا کامل حل نہیں، اختیارات، فنڈز اور ترقیاتی کاموں کا کنٹرول نچلی سطح (یونین کونسلز اور ڈسٹرکٹ کونسلز) کے نمائندوں کو منتقل ہو۔ بلدیاتی نکتوں کی تقسیم پر بڑی سیاسی جماعتوں کے اندر شدید دھڑے بندی اور اندرونی خلفشار پیدا ہوتا ہے، جس سے عام انتخابات میں نقصان کا خدشہ ہوتا ہے۔

الیکشن کمیشن آف پاکستان کے مطابق، زیادہ تر سیاسی حکومتیں بلدیاتی انتخابات کے انعقاد اور مقامی سطح پر جمہوریت کو مضبوط کرنے میں سنجیدہ دلچسپی نہیں رکھتی ہیں۔ جماعت اسلامی کے امیر حافظ نعیم الرحمٰن اور دیگر رہنماؤں (جیسے لیاقت بلوچ) نے بلدیاتی انتخابات اور قوانین میں اصلاحات کے لیے عدالتوں سے رجوع کر رکھا ہے اور ملک بھر میں احتجاج کا اعلان بھی کیا ہے۔ سیاسی رسہ کشی بدستور جاری ہے۔

احسن یونس: کارکردگی کی ایک روشن مثال، سیف سٹی کی نئی پہچان

ضروری ہے کہ سیف سٹی پولیس کا متبادل نہیں بلکہ پولیس کی آنکھ، کان اور معاون قوت ہے۔ میدان میں کارروائی پولیس کے افسران اور جوان کرتے ہیں، لیکن جدید معلومات، بروقت نشاندہی اور درست ڈیجیٹل شواہد ان کارروائیوں کو کامیاب بنانے میں بنیادی اہمیت رکھتے ہیں۔ احسن یونس نے اسی تصور کو عملی شکل دینے پر توجہ دی ہے۔ ٹیمپر پروف نمبر پلیٹس کے خلاف اقدامات اور اصل نمبر پلیٹس کی پابندی یقینی بنانے کی کوششیں بھی اسی نظام کی مؤثر کارکردگی کا حصہ ہیں۔

احسن یونس کی قیادت میں سیف سٹی کا کردار صرف جرائم کی روک تھام تک محدود نہیں رہا۔ ''میرا پیارا'' منصوبے کے ذریعے گمشدہ بچوں کو ان کے خاندانوں سے ملانے کا سلسلہ جاری ہے۔ سلیمان اور سارہ جیسے بچوں کی برسوں بعد اپنے پیاروں سے ملاقات اس ادارے کی انسانی خدمت کی روشن مثال ہے۔ اسی طرح خودکشی کی کوشش کرنے والے ایک نوجوان کی بروقت نشاندہی، مسلسل رابطے اور پولیس و ریسکیو کی مدد سے اس کی جان بچانا اس بات کا ثبوت ہے کہ ٹیکنالوجی کا اصل مقصد صرف مجرم پکڑنا نہیں بلکہ انسانی زندگیوں کا تحفظ بھی ہے۔ سرکاری ہسپتالوں میں کیو آر کوڈ ایمرجنسی پیئنگ بٹنز اور ریڑھی چوپل بلڈ بینک جیسی سہولتوں پر کام بھی عوامی خدمت کے اسی وسیع تصور کا حصہ ہے۔ ان کامیابیوں کا اعتراف عالمی سطح پر بھی ہوا ہے۔ انٹرنیشنل ایسوسی ایشن آف چیفس آف پولیس کی جانب سے گاڑیوں کی چوری اور متعلقہ جرائم کی روک تھام میں ٹیکنالوجی کے استعمال پر پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی کو 2026ء میں اعزاز ملنا ایک اہم کامیابی ہے۔ ورلڈ پولیس سمٹ ایوارڈز 2026ء میں بھی ادارے کے مختلف منصوبوں نے عالمی سطح پر نمایاں مقام حاصل کیا۔ ایکسٹرا آرڈیٹا اینالیسز سینٹر میرا پیارا سینٹر اور خصوصی افراد کے لیے خدمات انجام دینے والے پولیس کمیونیکیشن آفیسر فرحان علی کی کارکردگی کا عالمی سطح پر تسلیم کیا جانا پاکستان کے لیے باعث فخر ہے۔ بلاشبہ کسی ایک افسر کو ادارے کی ہر کامیابی کا واحد سبب قرار دینا درست نہیں، کیونکہ ان کامیابیوں کے پیچھے پوری ٹیم کی محنت شامل ہوتی ہے۔ تاہم یہ حقیقت بھی نظرانداز نہیں کی جا سکتی کہ اہل قیادت اداروں کی سمت تبدیل کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے محفوظ پنجاب وژن کو عملی شکل دینے میں سیف سٹی کا کردار اسی وقت مزید مضبوط ہوگا جب جدید ٹیکنالوجی کو صوبے کے ہر شہر اور ہر ضرورت مند شہری تک پہنچایا جائے گا۔ احسن یونس کی نمایاں خوبی یہ ہے کہ انہوں نے ہر نئے عہدے کو اپنی صلاحیتوں کے اظہار اور ادارے کی بہتری کا ذریعہ بنایا۔ راولپنڈی سے اسلام آباد، لاہور پولیس آپریشنز سے پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی تک ان کی کارکردگی کا تسلسل ایک ایسے افسر کی تصویر پیش کرتا ہے جو ذمہ داری ملنے پر نتائج دینے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ سیف سٹی میں ان کی خدمات اسی تسلسل کا ایک اہم باب ہیں۔ ایسے افسران کی حوصلہ افزائی ہونی چاہیے، کیونکہ ادارے افراد سے نہیں بلکہ وژن، محنت، دیانت اور اہل قیادت سے آگے بڑھتے ہیں۔

بلکہ اپنی صلاحیتوں سے ہر ادارے کو بہتر بنا سکتا ہے۔ سیف سٹی کا سب سے بڑا کارنامہ یہ ہے کہ اس نے روایتی پولیسنگ کو جدید ٹیکنالوجی سے جوڑ دیا ہے۔ آج جرائم پیشہ عناصر اپنی شناخت چھپانے، گاڑیوں کی نمبر پلیٹس تبدیل کرنے اور واردات کے بعد فرار ہونے کے لیے نت نئے طریقے اختیار کرتے ہیں۔ ایسے میں جدید کیمروں، مصنوعی ذہانت، ڈیجیٹل گہرائی، گاڑیوں کی شناخت اور ورچوئل پٹرولنگ کا نظام پولیس کے لیے ایک مؤثر معاون بن چکا ہے۔ پنجاب میں جرائم کی سراغ رسانی اور ملزمان تک پہنچنے کے عمل میں اس نظام کا کردار مسلسل بڑھا ہے۔ بڑے اور سنگین واقعات میں بھی سیف سٹی کیمروں اور ڈیجیٹل شواہد نے پولیس کو اہم رہنمائی فراہم کی ہے۔ خانیوال میں اربوں روپے کے مبینہ مالی فراڈ سے متعلق ملزمان کی تلاش ہو، امریکہ جعلی ڈاک ٹکٹیں بھجوانے کے معاملے کی سراغ رسانی ہو، سرگودھا میں خطرناک ملزم انعام ویٹس عرف نامو ویٹس اور اس کے ساتھیوں کے خلاف کارروائی ہو یا لاہور میں بینک ڈکیتی کے ملزم سبحان علی کی گرفتاری، ان واقعات نے واضح کیا کہ جدید نگرانی کا نظام جرائم کی تفتیش میں کس قدر اہم کردار ادا کر سکتا ہے۔ لاہور میں گڑھی شاہو کے علاقے میں ماں بیٹی کے ہول میں گرنے کے واقعے کی حقیقت سامنے لانے میں بھی کیمروں کی ریکارڈنگ نے اہم کردار ادا کیا۔ ایسے متعدد واقعات ہیں جہاں جدید ٹیکنالوجی نے نہ صرف ملزمان کی نشاندہی میں مدد دی بلکہ پولیس کی تفتیش کو بھی مؤثر بنایا۔ یہاں ایک بات سمجھنا

میڈیا کو اسمبلی اجلاس کی کوریج سے روکنے کی تجویز قبیح فعل کے مترادف ہے، بلوچستان میڈیا فورم

اسمبلی عوام کی نمائندگی کا ایوان ہے، میڈیا کو کوریج سے روکنے کی سوچ قابل تشویش ہے، مرکزی اعلامیہ

جمہوری معاشرے میں میڈیا کی آزادی اور معلومات تک رسائی بنیادی اہمیت رکھتی ہے، بلوچستان میڈیا فورم

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان میڈیا فورم کے مرکزی بیان میں صوبائی وزیر اور پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی سیکرٹری اطلاعات میر ظہور بلیدی کی جانب سے نجی میڈیا کو بلوچستان اسمبلی کے اجلاسوں کی کوریج سے روکنے کی تجویز پر شدید ردعمل کا اظہار اور عوام کے معلومات تک رسائی کے بنیادی حق پر قدغن لگانے کی کوشش قرار دیا گیا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ بلوچستان اسمبلی ایک جمہوری اور عوامی نمائندہ ادارہ ہے، جہاں عوامی مسائل، حکومتی پالیسیوں، قانون سازی اور عوامی نمائندوں کی کارکردگی زیر بحث آتی ہے۔ ایسے اہم فورم کی کارروائی عوام تک پہنچانا میڈیا کی بنیادی ذمہ داری ہے اور نجی میڈیا اس ذمہ داری کی ادائیگی میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ بلوچستان میڈیا فورم کے مطابق نجی ٹی وی چینلز، اخبارات اور ڈیجیٹل میڈیا سے وابستہ صحافیوں کو اسمبلی اجلاسوں کی کوریج سے روکنے یا ان کے لیے مشکلات پیدا کرنے کے بجائے صحافتی آزادی اور پیشہ ورانہ ذمہ داریوں کے تحت کام کرنے کے مواقع فراہم کیے جانے چاہئیں۔ میڈیا کا کام حکومتی اور اپوزیشن اراکین کی تقاریر، عوامی مسائل اور ایوان میں ہونے والی سرگرمیوں کو غیر جانبدارانہ انداز میں عوام تک پہنچانا ہے، جس سے جمہوری عمل مضبوط ہوتا ہے۔ بلوچستان میڈیا فورم نے میر ظہور بلیدی سے مطالبہ کیا کہ وہ اپنی تجویز پر نظر ثانی کریں اور صحافتی حلقوں کے تحفظات کو مدنظر رکھتے ہوئے ایسی کسی بھی پالیسی یا اقدام کی حمایت سے گریز کریں جو نجی میڈیا کی آزادی اور پیشہ ورانہ ذمہ داریوں کو متاثر کرے۔ بلوچستان میڈیا فورم نے واضح کیا کہ اسمبلی کی کوریج صحافیوں کا پیشہ ورانہ حق اور عوامی مفاد کا اہم تقاضا ہے، جس کا تحفظ تمام جمہوری قوتوں کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔

پنجاب میں خفیہ ریکارڈنگ اور جاسوسی کے آلات پر پابندی میں مزید ایک ماہ کی توسیع

خفیہ کیمروں والی عینکوں، قلم اور چابی کے چھلوں کی خرید وفروخت بھی ممنوع قرار

لاہور (اے این این) پنجاب حکومت نے صوبے بھر میں خفیہ ریکارڈنگ ڈیوائسز اور جاسوسی کے لئے استعمال ہونے والے آلات پر پابندی میں مزید 30 روز کی توسیع کردی ۔محکمہ داخلہ کے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق خفیہ کیمروں والی اسمارٹ عینکوں اور روزمرہ استعمال کی اشیا میں چھپائے گئے ریکارڈنگ آلات کے استعمال اور فروخت پر پابندی برقرار رہے گی۔ان اشیا میں عینکوں، قلم اور چابی کے چھلوں میں نصب خفیہ کیمرے بھی شامل ہیں۔نوٹیفکیشن کے تحت خفیہ ریکارڈنگ آلات کی دکانوں اور آن لائن خرید وفروخت بھی ممنوع ہوگی، تاہم پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) سے منظور شدہ ٹرمینل آلات کو پابندی سے مستثنیٰ قرار دیا گیا ہے۔محکمہ داخلہ کے مطابق خفیہ ریکارڈنگ آلات کے استعمال سے اہم تنصیبات کی سکیورٹی متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔سیکریٹری داخلہ پنجاب نے ضابطہ فوجداری کے تحت پابندی عائد کی ہے اور صوبے بھر کی انتظامیہ اور پولیس کو اس پر سختی سے عمل درآمد یقینی بنانے کی ہدایت کی ہے۔پنجاب حکومت نے صوبے بھر میں خفیہ ریکارڈنگ ڈیوائسز اور جاسوسی کے لئے استعمال ہونے والے آلات پر پابندی میں مزید 30 روز کی توسیع کردی ۔محکمہ

ڈپٹی کمشنر نصیرآباد کی زیر صدارت ڈی ایچ کیو ہسپتال کے مسائل پر اجلاس

ہسپتال کے مسائل کے حل اور صحت کے شعبے میں بہتری کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے: وریندر لعل

نصیرآباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر نصیرآباد وریندر لعل کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال میں درپیش اہم مسائل کے حل طبی فضلے کو محفوظ طریقے سے تلف کرنے کے لیے جدید مشینری کی تنصیب اور ہسپتال میں موجود ٹرانسفارمرز کی منتقلی کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر ایاز حسین جمالی، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر حبیب اللہ پندرانی اور ایم ایس ایف کے نمائندے نے شرکت کیا جلاس میں ہسپتال سے خارج ہونے والے طبی فضلے کو محفوظ طریقے سے ٹھکانے لگانے کے لیے جدید مشینری کی تنصیب اس کے لیے مناسب جگہ کے تعین اور ہسپتال میں نصب دو ٹرانسفارمرز کو موجودہ مقام سے دوسری جگہ منتقل کرنے کے امور پر تفصیلی غور وخوض کیا گیا شرکاء نے ان اہم مسائل کے حل کے لیے مختلف تجاویز پیش کیں اور درپیش مشکلات کے ازالے کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ طبی فضلے کو تلف کرنے والی جدید مشینری کی تنصیب کے

ٹرمپ کا ایران کے خلاف دوبارہ جنگ لڑنے کا اعلان، کیمیائی اور حیاتیاتی ہتھیاروں کا الزام

جب تک معاہدہ حاصل نہیں ہوجاتا، کسی نہ کسی طریقے سے ہم اس معاملے کو مکمل طور پر ختم کردیں گے، انٹرویو

واشنگٹن (اے این این) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ وہ ایران کے ساتھ ایک ایسا دیرپا معاہدہ چاہتے ہیں جو مستقبل میں کسی کمزور امریکی صدر کے اقتدار میں آنے کے باوجود برقرار رہے، ایران کے ساتھ معاہدہ طے پانے تک امریکی فوجی ایران میں موجود رہیں گے۔امریکی ٹی وی چینل فاکس نیوز کو انٹرویو میں ٹرمپ نے کہا کہ اگر امریکا میں کوئی کمزور صدر برسراقتدار آجائے تو بھی ایران کے ساتھ ہونے والا معاہدہ ختم نہیں ہونا چاہیے۔ان کے بقول وہ ایسا سمجھوتا چاہتے ہیں جو آنے والی امریکی حکومتوں کے لیے بھی قابل عمل رہے۔ٹرمپ نے مزید کہا کہ امریکی فوجی اس وقت تک ایران میں موجود رہیں گے جب تک ایسا معاہدہ حاصل نہیں ہوجاتا۔ان کا کہنا تھا کہ کسی نہ کسی طریقے سے ہم اس معاملے کو مکمل طور پر ختم کردیں گے۔امریکی صدر نے دعوی کیا کہ ایران کی صورت حال اچھی نہیں اور اس کی فوجی صلاحیتوں کو شدید نقصان پہنچا ہے۔ٹرمپ کے مطابق ایران کی قیادت، بحری جہاز اور طیارے ختم ہوچکے ہیں۔ٹرمپ سے پوچھا گیا کہ کیا ایران کے ساتھ مفاہمتی یادداشت پر دستخط کرنا غلطی تھی؟ اس پر انہوں نے کہا کہ یہ کوئی غلطی نہیں تھی، بلکہ اس عرصے کے دوران امریکا کو ایران کو بہتر طور پر سمجھنے کا موقع ملا۔ٹرمپ کا کہنا تھا کہ اس عمل سے امریکا کو یہ جاننے میں مدد ملی کہ ایران پر

خلیج میں کشیدگی کا اثر زائل، عالمی منڈی میں تیل کی قیمتیں مستحکم

واشنگٹن (اے این این) عالمی منڈی میں جمعرات کے روز خام تیل کی قیمتیں گزشتہ سیشن میں کمی کے بعد مستحکم ہیں، کیونکہ تیل کی رسد میں اضافے کی توقعات اور امریکی شرح سود میں ممکنہ اضافے کے خدشات نے ایران جنگ کے باعث آبنائے ہرمز میں جہاز رانی پر ہونے والے حملوں کے اثرات کو زائل کر دیا ہے۔ برطانوی خبر رساں ایجنسی کے مطابق، کاروباری اعداد و شمار کے مطابق برینٹ کروڈ فیوچرز کی قیمت 17 سینٹ یا 0.18 فیصد اضافے کے ساتھ 92.12 ڈالر فی بیرل رہی، جبکہ امریکی ویسٹ ٹیکساس انٹرمیڈیٹ فیوچرز 9 سینٹ یا 0.11 فیصد کمی کے ساتھ 83.17 ڈالر فی بیرل پر ٹریڈ ہو رہا ہے۔ گزشتہ کاروباری سیشن کے

وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار شیر احمد کو میرج گرانٹ کی مد میں 50 ہزار کا چیک دلوادیا گیا

کوئٹہ (اے این این) درخواست گزار شیر احمد نے بتایا کہ انہوں نے میرج گرانٹ کے حصول کے لیے متعدد بار متعلقہ محکمے سے رابطہ کیا لیکن کوئی شنوائی نہیں ہوئی۔لہذا، انصاف کے حصول کے لیے انہوں نے وفاقی محتسب کوئٹہ سے رابطہ کیا اور متعلقہ محکمے کی تاخیر اور عدم توجہی کے خلاف درخواست دائر کی۔درخواست موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب کوئٹہ نے بروقت انکوائری کا آغاز کیا اور متعلقہ محکمے کو طلب کر کے کیس کی فوری سماعت شروع کر دی۔سماعت کے دوران متعلقہ محکمہ کوئی تسلی بخش جواب نہ دے سکا۔لہذا، وفاقی محتسب نے احکامات جاری کیے کہ درخواست گزار کو میرج گرانٹ کی ادائیگی فوری کی جائے۔احکامات موصول ہوتے ہی متعلقہ محکمے نے درخواست گزار کو میرج گرانٹ کی مد میں 50 ہزار کا چیک فراہم کر دیا۔

ژوب میں آل پارٹیز ایکشن کمیٹی کی کال پر مکمل شٹر ڈاؤن ہڑتال ریلی اور جلسہ عام

ژوب (اے این این) صوبے بھر کی طرح ژوب میں بھی آل پارٹیز ایکشن کمیٹی کی کال پر بدامنی، بے روزگاری اور مہنگائی کے خلاف مکمل شٹر ڈاؤن ہڑتال کی گئی۔اس موقع پر احتجاجی ریلی نکالی گئی اور پریس کلب ژوب کے سامنے جلسہ عام منعقد ہوا۔جلسہ عام کی صدارت جمعیت علمائے اسلام (ف) کے ضلعی امیر مولوی سرور خان کاکڑ، جبکہ نظامت کے فرائض عوامی نیشنل پارٹی کے رہنما نذیر افغان نے سرانجام دیے۔جلسہ عام سے جمعیت علمائے اسلام (ف) کے ضلعی امیر مولوی سرور خان کاکڑ، پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے سینئر ڈپٹی چیئرمین و سابق سینیٹر رضا محمد رضا، پاکستان تحریک انصاف کے ضلعی صدر نصیب اللہ کبزئی، مسلم لیگ (ن) کے ضلعی صدر محمد رحیم مندوخیل، نیشنل ڈیموکریٹک موومنٹ کے صدر عدنان شالیزئی، ٹرانسپورٹ یونین کے رہنما شرافت الدین، مرکزی انجمن تاجران کے رہنما جبار خان، جمعیت علمائے اسلام نظریاتی کے محمد خان ناصر، عوامی نیشنل پارٹی کے ضلعی صدر جمعہ خان بابر اور جماعت اسلامی کے تحصیل امیر فہد خان سمیت دیگر سیاسی وسماجی رہنماؤں نے خطاب کیا۔

گوادر سیف سٹی منصوبے کی تعمیراتی پیش رفت کا جائزہ

سیف سٹی پراجیکٹ کی تکمیل سے بروقت استفادہ حاصل کیا جاسکے گا، ڈی آئی جی پولیس مکران رینج

کوئٹہ (یو این اے) ڈی آئی جی پولیس مکران رینج شاد اینِ مسیح نے گوادر سیف سٹی منصوبے کی تعمیراتی بلڈنگ کا دورہ کیا اور منصوبے پر جاری تعمیراتی کاموں کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔اس موقع پر ڈپٹی پراجیکٹ ڈائریکٹر اور متعلقہ انجینئرز نے ڈی آئی جی پولیس کو منصوبے کے مختلف حصوں پر ہونے والے کام اور اب تک کی پیش رفت کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔انہیں پولیس فورس کی عمارت کے سول ورکس اور سی فور آئی (C4I) بلڈنگ کی تعمیر کے حوالے سے بھی آگاہ کیا گیا۔ڈی آئی جی پولیس شاد اینِ مسیح نے متعلقہ انجینئرز کو ہدایت کی کہ منصوبے کو جلد پایۂ تکمیل پہنچانے کے لیے تعمیراتی کام کو مزید تیز کیا جائے اور اسے مقررہ مدت میں مکمل کرنے کے لیے مؤثر اقدامات اٹھائے جائیں۔انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ تعمیراتی کام کے معیار کو برقرار رکھتے ہوئے اس کی باقاعدگی سے نگرانی کو یقینی بنائی جائے۔ڈی آئی جی پولیس مکران ریج شاد اینِ مسیح نے گوادر سیف سٹی منصوبے کی تعمیراتی بلڈنگ کا دورہ کیا اور منصوبے پر جاری تعمیراتی کاموں کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔اس موقع پر ڈپٹی پراجیکٹ ڈائریکٹر اور متعلقہ انجینئرز نے ڈی آئی جی پولیس کو منصوبے کے مختلف حصوں پر ہونے والے کام اور اب تک کی پیش رفت کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔انہیں پولیس فورس کی عمارت کے سول ورکس اور سی فور آئی (C4I) بلڈنگ کی تعمیر کے حوالے سے بھی آگاہ کیا گیا۔ڈی آئی جی پولیس شاد اینِ مسیح نے متعلقہ انجینئرز کو ہدایت کی کہ منصوبے کو جلد پایۂ تکمیل پہنچانے کے لیے تعمیراتی کام کو مزید تیز کیا جائے اور اسے مقررہ

بھاگ: آل پارٹیز کی کال پر مکمل شٹر ڈاؤن ہڑتال، جہانگیر چوک پر احتجاجی مظاہرہ

بدامنی، مہنگائی، بے روزگاری اور شاہراہوں پر بڑھتی ہوئی وارداتوں کے خلاف شدید نعرے بازی

بھاگ (نامہ نگار) آل پارٹیز بلوچستان کی صوبائی کال پر بھاگ شہر میں مختلف سیاسی و مذہبی جماعتوں کی جانب سے جہانگیر چوک پر احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ اس موقع پر شہر بھر کے تمام چھوٹے بڑے کاروباری مراکز بھی بند رہے اور مکمل شٹر ڈاؤن ہڑتال کی گئی۔ جہانگیر چوک پر منعقدہ احتجاجی جلسے سے آل پارٹیز ایکشن کمیٹی بھاگ کے چیئرمین ماما عبدالستار بنگلزئی، جمعیت علمائے اسلام کے ضلعی امیر مولانا سید محمد ارشد الدین شاہ، تحصیل امیر قاضی حماد اللہ، آل پارٹیز ایکشن کمیٹی کے وائس چیئرمین حاجی محمد الیاس کلواڑ، جنرل سیکرٹری حافظ محمد یوسف گویا، نیشنل پارٹی کے واجا عبدالغنی بلوچ، کامریڈ نکا خان کلواڑ، پاکستان تحریک انصاف کے علی احمد مستوئی، جماعت اسلامی کے وڈیرہ محمد سلیم جتوئی، جاموٹ قومی موومنٹ کے استاد عطا اللہ جاموٹ، جماعت اہل سنت کے حافظ اصغر علی مغیری، بلوچستان نیشنل پارٹی (مینگل) کے دوست محمد بنگلزئی بازار یونین بھاگ کے رہنماؤں اور دیگر مقررین نے خطاب کیا۔ مقررین نے اپنے خطاب میں کہا کہ سیاسی و مذہبی جماعتیں عوام کے حقوق، جمہوری اقدار کے تحفظ اور بنیادی مسائل کے حل کے لیے جدوجہد جاری رکھے ہوئے ہیں۔ انہوں نے موجودہ وفاقی وصوبائی حکومتوں کو فارم 47 کی پیداوار قرار دیتے ہوئے کہا کہ عوامی مینڈیٹ کا احترام کیا جانا چاہیے اور حقیقی سیاسی و مذہبی قیادت کو دیوار سے لگانے کا سلسلہ بند کیا جائے۔ ان کا کہنا تھا کہ ملک میں جمہوری اقدار کو نقصان پہنچ رہا ہے، جبکہ حکمرانوں کو عوامی مسائل کے حل کے لیے سنجیدہ اقدامات کرنے چاہئیں۔ آل پارٹیز بلوچستان کی صوبائی کال پر بھاگ شہر میں مختلف سیاسی و مذہبی جماعتوں کی جانب سے جہانگیر چوک پر احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ اس موقع پر شہر بھر کے تمام چھوٹے بڑے کاروباری مراکز بھی بند رہے اور مکمل شٹر ڈاؤن ہڑتال کی گئی۔ جہانگیر چوک پر منعقدہ احتجاجی جلسے سے آل پارٹیز ایکشن کمیٹی بھاگ کے چیئرمین ماما عبدالستار بنگلزئی، جمعیت علمائے اسلام کے ضلعی امیر مولانا سید محمد ارشد الدین شاہ، تحصیل امیر قاضی حماد اللہ، آل پارٹیز ایکشن کمیٹی کے وائس چیئرمین حاجی محمد الیاس کلواڑ، جنرل سیکرٹری حافظ محمد یوسف

سرد علاقوں کو گیس اور بجلی کی لوڈشیڈنگ سے مستثنیٰ قرار دیا جائے، آصف سمالانی

بلوچستان بھر میں کامیاب شٹر ڈاؤن ہڑتال حکمرانوں کے لیے واضح پیغام ہے، عوامی مسائل حل کیے جائیں

کوئٹہ (اے این این) اہل سنت و جماعت کے کوئٹہ کے رکن میر محمد آصف سمالانی محمد عامر جتوئی محمد شریف لانگو چشتی نے کامیاب ہڑتال پر اپنی تحریری بیان میں کہا کہ بلوچستان بھر میں آل پارٹیز اور انجمن تاجران کی جانب سے کامیاب شٹر ڈاؤن ہڑتال کے بعد حکمرانوں کی آنکھیں کھل جانی چاہئیں۔ حکومت کے لیے یہ ایک واضح پیغام ہے کہ عوام اب مزید مشکلات برداشت کرنے کے متحمل نہیں ہو سکتے۔ اگر حکومت عوام کو بنیادی سہولیات، گیس، بجلی اور روزگار فراہم نہیں کر سکتی تو اسے اپنی پالیسیوں پر نظر ثانی کرنی چاہیے۔ عوام موجودہ حکومتی پالیسیوں سے بیزار ہو چکے ہیں اور ان کے مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات کے منتظر ہیں۔ بلوچستان کے سرد علاقوں میں شدید سردی کے موسم کے دوران گیس اور بجلی کی لوڈشیڈنگ نے عوام کی زندگی اجیرن بنا رکھی ہے۔ حکومت کو چاہیے کہ سرد علاقوں کو گیس اور بجلی کی لوڈشیڈنگ سے مستثنیٰ قرار دے تاکہ شہریوں کو سرد موسم میں بنیادی سہولیات میسر آ سکیں۔ انہوں نے کہا کہ ڈی آئی جی پولیس مکران رینج شاد اینِ مسیح نے گوادر سیف سٹی منصوبے کی تعمیراتی بلڈنگ کا دورہ کیا اور منصوبے پر جاری تعمیراتی کاموں کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر ڈپٹی پراجیکٹ ڈائریکٹر اور متعلقہ انجینئرز نے ڈی آئی جی پولیس کو منصوبے کے مختلف حصوں پر ہونے والے کام اور اب تک کی پیش رفت کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ انہیں پولیس فورس کی عمارت کے سول ورکس اور سی فور آئی (C4I) بلڈنگ کی تعمیر کے حوالے سے بھی آگاہ کیا گیا۔ ڈی آئی جی پولیس شاد اینِ مسیح نے متعلقہ انجینئرز کو ہدایت کی کہ منصوبے کو جلد پایۂ تکمیل پہنچانے کے لیے تعمیراتی کام کو مزید تیز کیا جائے اور اسے مقررہ

اداروں کی کارکردگی جانچنے کیلئے نظام تشکیل پاچکا، وزیراعظم

، اہداف میں تاخیر برداشت نہیں کی جائیگی، شہباز شریف

اسلام آباد (اے این این) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ پی ایم اوایس کی شکل میں وفاقی وزارتوں، ڈویژنز اور اداروں کی کارکردگی جانچنے کے حوالے سے انتہائی موثر نظام تشکیل پاچکا ہے، سسٹم کے تحت دیئے گئے اہداف اور ٹائم لائنز میں کسی قسم کی کوئی تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی۔ وزیراعظم کی زیر صدارت پی ایم اوایس کے تحت وزارت قومی غذائی تحفظ کی کارکردگی پر جائزہ اجلاس وزیراعظم ہاؤس اسلام آباد میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں وزیراعظم نے پی ایم اوایس کو مزید بہتر اور کارگر بنانے اور اس حوالے سے متعلقہ اداروں کے درمیان ہم آہنگی اور رابط بڑھانے کی ہدایت کی۔ وزیراعظم نے کہا کہ ملکی معیشت کی مضبوطی اور زرعی شعبے کی پائیدار ترقی میں جدید تحقیق کو بنیادی اور کلیدی حیثیت حاصل ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ہماری حکومت زراعت کے شعبے میں تحقیقی سرگرمیوں کے فروغ کیلئے ہر ممکن سرپرستی اور بھرپور مالی معاونت فراہم کرے گی، تاکہ جدید طریقوں سے فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ کیا جاسکے؛ اس کے ساتھ ساتھ، کاشتکاری کی لاگت میں کمی اور فی ایکڑ پیداوار میں خاطر خواہ اضافے کے لئے جدید زرعی مشینری کا استعمال ناگزیر ہے، جس کی کاشتکاروں تک آسان فراہمی کو یقینی بنانا ہماری اولین ترجیح ہے۔ اجلاس کو پی ایم او ایس کے تحت وزارت قومی غذائی تحفظ کی کارکردگی پر بریفنگ دی گئی، اجلاس کو آگاہ کیا گیا کی ملک بھی زرعی اجناس کی اسٹوریج کی صلاحیت بہتر بنانے کارکردگی زیر بحث آتی ہے۔ ایسے اہم فورم کی کارروائی عوام تک پہنچانا میڈیا کی بنیادی ذمہ داری ہے اور نجی میڈیا اس ذمہ داری کی ادائیگی میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ بلوچستان میڈیا فورم کے مطابق نجی ٹی وی چینلز، اخبارات اور ڈیجیٹل میڈیا سے وابستہ صحافیوں کو اسمبلی اجلاسوں کی کوریج سے روکنے یا ان کے لیے مشکلات پیدا کرنے کے بجائے صحافتی آزادی اور پیشہ ورانہ ذمہ داریوں کے تحت کام کرنے کے مواقع فراہم کیے جانے چاہئیں۔ میڈیا کا کام حکومتی اور اپوزیشن اراکین کی تقاریر، عوامی مسائل اور ایوان میں ہونے والی سرگرمیوں کو غیر جانبدارانہ انداز میں عوام تک پہنچانا ہے، جس سے جمہوری عمل مضبوط ہوتا ہے۔ بلوچستان میڈیا فورم نے میر ظہور بلیدی سے مطالبہ کیا کہ وہ اپنی تجویز پر نظر ثانی کریں اور صحافتی حلقوں کے تحفظات کو مدنظر رکھتے ہوئے ایسی کسی بھی پالیسی یا اقدام کی حمایت سے گریز کریں جو نجی میڈیا کی آزادی اور پیشہ ورانہ ذمہ داریوں کو متاثر کرے۔ بلوچستان میڈیا فورم نے واضح کیا کہ اسمبلی کی کوریج صحافیوں کا پیشہ ورانہ حق اور عوامی مفاد کا اہم تقاضا ہے، جس کا تحفظ تمام جمہوری قوتوں کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔

پہلا پاکستانی خلاباز 25 نومبر کو چینی مشن کے ذریعے خلا کیلئے روانہ ہوگا

اسلام آباد (اے این این) خلائی تاریخ میں پاکستان ایک نئی منزل کی جانب گامزن ہے اور اسی تاریخی پیشرفت میں پہلا پاکستانی خلاباز 25 نومبر کو چین کے شین ژو 24 مشن کے ذریعے خلا میں روانہ ہوگا۔ پاک چین خلائی تعاون میں یہ ایک تاریخی سنگِ میل ہے، سپارکو کے بیان کے مطابق محمد ذیشان علی اور خرم داد چین میں خلائی تربیت مکمل کر چکے ہیں، دونوں میں سے ایک امیدوار بطور پے لوڈ اسپیشلسٹ خلا کا سفر کرے گا۔ پاکستانی خلاباز چین کے تیانگونگ خلائی اسٹیشن پر پہنچنے والے پہلے غیر ملکی خلاباز ہوں گے، مشن کے لوگو میں پاکستان کے قومی پھول چنبیلی کو بھی جگہ دی گئی ہے۔ والے پہلے غیر ملکی خلاباز ہوں گے، مشن کے لوگو میں پاکستان کے قومی

قطر کے وزیر داخلہ شیخ خلیفہ بن حمد بن خلیفہ آل ثانی اسلام آباد پہنچ گئے

اسلام آباد (اے این این) قطر کے وزیر داخلہ اور داخلی سلامتی فورس کے کمانڈر شیخ خلیفہ بن حمد بن خلیفہ آل ثانی پاکستان کے سرکاری دورے پر اسلام آباد پہنچ گئے۔ اسلام آباد ایئرپورٹ آمد پر وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے قطری ہم منصب کا پرتپاک استقبال کیا۔ وزارت داخلہ کے بیان کے مطابق اس موقع پر وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ ہم اپنے بھائی کو پاکستان آمد پر دل کی اتھاہ گہرائیوں سے خوش آمدید کہتے ہیں۔ انہوں نے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ قطر کے وزیر داخلہ کے اس دورے سے دونوں ممالک کے درمیان باہمی تعلقات اور دوطرفہ تعاون مزید مستحکم ہوں گے۔ نہوں نے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ قطر کے وزیر داخلہ کے اس دورے سے دونوں ممالک

چیف جسٹس پاکستان نے جوڈیشل کمیشن کا اجلاس 23 نومبر کو طلب کرلیا

ہائیکورٹس ججز کی سالانہ کارکردگی جانچنے کے طریقہ کار کیلئے قواعد مرتب کرنے پر غور ہوگا

اسلام آباد (اے این این) چیف جسٹس پاکستان یحییٰ آفریدی نے اگلے ہفتے جوڈیشل کمیشن کا اجلاس طلب کر لیا۔ چیف جسٹس پاکستان یحییٰ آفریدی کی زیر صدارت جوڈیشل کمیشن اجلاس 23 نومبر کو ہوگا، اجلاس سپریم کورٹ اسلام آباد میں دوپہر ڈھائی بجے منعقد ہوگا۔ اجلاس میں ہائیکورٹس ججز کی سالانہ کارکردگی جانچنے کے طریقہ کار کیلئے قواعد مرتب کرنے پر غور ہوگا۔ اجلاس میں ججز کی تقرری سے متعلق جوڈیشل کمیشن 2024 رولز میں ترمیم پر بھی غور ہوگا۔ جوڈیشل کمیشن اجلاس ایجنڈے کے مطابق آئین کے آرٹیکل 175 اے (20) کے تحت ہائی کورٹس کے ججز کی کارکردگی کے قواعد وضع کرنے کا معاملہ ایجنڈے میں شامل ہے جبکہ جوڈیشل کمیشن (ایوائنٹمنٹ آف ججز) رولز 2024 میں ترمیم پر بھی غور کرے گا۔ چیف جسٹس پاکستان یحییٰ آفریدی کی زیر صدارت جوڈیشل کمیشن اجلاس 23 نومبر کو ہوگا، اجلاس سپریم کورٹ اسلام آباد میں دوپہر ڈھائی بجے منعقد ہوگا۔ اجلاس میں ہائیکورٹس ججز کی سالانہ کارکردگی جانچنے کے طریقہ کار کیلئے قواعد مرتب کرنے پر غور ہوگا۔ اجلاس میں ججز کی تقرری سے متعلق جوڈیشل کمیشن 2024 رولز میں ترمیم پر بھی غور ہوگا۔ جوڈیشل کمیشن اجلاس کے ایجنڈے کا معاملہ ایجنڈے میں شامل ہے جبکہ جوڈیشل کمیشن (ایوائنٹمنٹ آف ججز) رولز 2024 میں ترمیم پر بھی غور کرے گا۔ چیف جسٹس پاکستان یحییٰ آفریدی کی زیر صدارت جوڈیشل کمیشن اجلاس 23 نومبر کو ایک ماہ میں درخواستوں پر غور اور نادرا ای ہیلتھ میں شامل کرنے کا بیان دیا گیا تھا، 29 جنوری 2026 کے بیان پر توہین عدالت کی درخواست نمٹا دی گئی تھی، سی ڈی اے کے وکیل کے مطابق معاملے کے بعض پہلوں کی وضاحت درکار ہے اور اتھارٹی مزید مواد عدالت میں پیش کرے گی۔ حکم نامے میں کہا کہ درخواست گزاروں کے وکیل نے ڈپٹی ڈائریکٹر لینڈ اینڈ ری ہیبلیٹیشن سی ڈی اے کا 26 جنوری 2026 کا خط عدالت میں پیش کیا، خط کے مطابق ممبر اسٹیٹ اور ڈپٹی کمشنر سی ڈی اے کی منظوری سے ایک ماہ میں نادرا ہیلتھ سے پلاٹ الاٹمنٹ کا فیصلہ ہوا تھا، مجاز اتھارٹی کی منظوری کے باعث سی ڈی اے اپنے فیصلے پر عمل کی پابند ہے۔ سی ڈی اے وکیل کا شف ملک جبکہ درخواست گزار وکیل حسنین حیدر رحیم نے کیس کی پیروی کی۔

بقیہ 1

فیصد سے بڑھ کر 96 فیصد ہوگیا۔ بحرین میں 93 فیصد شہریوں نے خود کو محفوظ قرار دیا، متحدہ عرب امارات 96 فیصد سکور کے ساتھ سنگاپور کے ہم پلہ قرار دیا گیا، دنیا کے 10 محفوظ ترین ممالک میں چار خلیجی ریاستیں شامل ہیں۔ رپورٹ کے مطابق متحدہ عرب امارات، سعودی عرب، کویت اور بحرین ٹاپ 10 میں شامل ہیں، گیلپ لا اینڈ آرڈر انڈیکس میں متحدہ عرب امارات 95 پوائنٹس کے ساتھ نمایاں ہے۔ بحرین 93 جبکہ کویت اور سعودی عرب 92 پوائنٹس کے ساتھ نمایاں رہے۔

بقیہ 2

ہیں۔ صدر مملکت نے کہا کہ ملک سے غیر ملکی سرپرستی اور معاونت سے ہونے والی دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک آپریشن عزم استحکام کے تحت کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ 3

عالمی معاشی ترقی میں اس خطے کا حصہ لگ بھگ 60 فیصد ہے۔ تاہم خطے کے مستقبل کا تعین صرف مجموعی قومی پیداوار (GDP) سے نہیں بلکہ آج بچوں کی صحت، تعلیم اور فلاح و بہبود کے لیے مختص کیے جانے والے وسائل خرچ کرنے کا اختیار ملنا چاہیے۔ خالد مقبول صدیقی نے کہا کہ سندھ کے 26 میونسپل اداروں میں سے زیادہ تر ہندوں کے پاس تھے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ سندھ کے عوام کی اکثریت نئے انتظامی یونٹس کے قیام کے حق میں ہے اور اس حوالے سے اٹھائے گئے سوالات کے جوابات سامنے آنے چاہئیں۔

بقیہ 6

کارکردگی پر شدید تنقید کی۔ مقررین نے کہا کہ صوبے میں بدامنی کے واقعات میں اضافے، قومی شاہراہوں پر ٹرانسپورٹروں اور مال بردار گاڑیوں کو نشانہ بنانے، بھتہ خوری، اغوا اور کے واقعات نے کاروباری سرگرمیوں، تجارت، ٹرانسپورٹ اور عوامی زندگی کو شدید متاثر کر دیا ہے۔ قومی شاہراہوں پر مسافروں، ٹرانسپورٹروں اور تاجروں کو تحفظ حاصل نہیں، جبکہ خوف و ہراس کی فضا پیدا کر رکھی ہے۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ صوبائی حکومت تاجروں، ٹرانسپورٹروں اور عام شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے میں بری طرح ناکام ہو چکی ہے۔ امن وامان کی صورتحال روز بروز خراب ہوتی جا رہی ہے، لیکن عوام کو تحفظ فراہم کرنے اور شاہراہوں کو محفوظ بنانے کے لیے مؤثر اقدامات نظر نہیں آ رہے، جس میں شہریوں اور کاروباری طبقے میں شدید تشویش پائی جاتی ہے۔ مقررین نے مستونگ میں بجلی اور گیس کی صورتحال پر بھی سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ شدید سردی کے موسم میں شہری بجلی اور گیس کی بنیادی سہولتوں سے محروم ہیں۔ بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ نے عوام کی زندگی اجیرن بنا دی ہے، جبکہ گیس پریشر نہ ہونے کے باعث گھریلو صارفین کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ عوام کو ایک طرف بدامنی اور عدم تحفظ کا سامنا ہے تو دوسری جانب بنیادی سہولیات کی عدم فراہمی نے ان کی مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔ انہوں نے مختلف علاقوں کے مرکزی راستوں کو سکیورٹی کے نام پر بند کرنے پر بھی تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ راستوں کی بندش سے مقامی آبادی، مریضوں، طلبہ، کاروباری افراد اور دیگر شہریوں کو آمدورفت میں شدید مشکلات پیش آ رہی ہیں۔ عوامی سہولت اور شہریوں کی بنیادی ضروریات کو نظر انداز کر کے کیے جانے والے اقدامات سے لوگوں کی پریشانیوں میں اضافہ ہو رہا ہے۔ سیاسی و تاجر رہنماں نے حکومت اور متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا کہ صوبے میں امن و امان کی بحالی، قومی شاہراہوں کو محفوظ بنانے، بھتہ خوری اور اغوا کی وارداتوں کی روک تھام، ٹرانسپورٹروں اور

عالمی امن کیلئے مشترکہ لائحہ عمل اور باہمی تعاون پر مبنی سلامتی پالیسی ناگزیر ہے، خواجہ آصف

اقوام متحدہ کے امن مشنز میں 183 پاکستانی اہلکاروں نے اپنی جان کا نذرانہ پیش کیا، پاکستان کی خدمات اور قربانیاں اس کے فعال بین الاقوامی کردار کا ثبوت ہیں

عالمی سطح پر وقارِ انسانیت، انصاف اور پائیدار امن کے فروغ کے لئے اپنا کردار ادا کرتا رہے گا، وزیر دفاع کا شومان سکیورٹی اینڈ ڈیفنس فورم سے خطاب

برسلز (اے این این) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ عالمی امن کیلئے اجتماعی شعور، مشترکہ لائحہ عمل اور باہمی تعاون پر مبنی سلامتی پالیسی ناگزیر ہے، امن صرف جنگ نہ ہونے کا نام نہیں بلکہ پائیدار استحکام کیلئے انسانی سلامتی کو ترجیح دینا ہوگی۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے یورپی پارلیمنٹ برسلز میں شومان سکیورٹی اینڈ ڈیفنس فورم سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔خواجہ آصف نے کہا کہ پاکستان کا عالمی امن، سلامتی اور اقوام متحدہ کے امن مشنز میں متحرک کردار عالمی سطح پر پاکستان کی قربانیوں اور خدمات کی روشن مثال ہے۔خواجہ آصف کا کہنا تھا گزشتہ سات دہائیوں کے دوران 48 اقوام متحدہ امن مشنز میں 2 لاکھ 37 ہزار پاکستانی اہلکار خدمات انجام دے چکے ہیں، عالمی

(بقیہ 27 اندرونی صفحہ 2 پر)



اسلام آباد، قائم مقام چیئرمین سینیٹ سیدل خان ناصر سے راؤ امانت علی ملاقات کر رہے ہیں



کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے ہمراہ بیریک اور ڈی ایم سی کے انٹرنیشنل گریجویٹ ڈویلپمنٹ پروگرام کے دوسرے مرحلے میں فارغ التحصیل گریجویٹس کا گروپ فوٹو

ڈی جی صحت بلوچستان کا گوادر میں زیر تعمیر ٹراما سینٹر اور او پی ڈی بلاک کا دورہ

منصوبوں کی بروقت تکمیل سے گوادر کے عوام کو جدید اور بہتر طبی سہولیات میسر آئیں گی: ڈاکٹر امین مندوخیل

گوادر (خ ن) ڈائریکٹر جنرل صحت بلوچستان ڈاکٹر امین خان مندوخیل نے میر عبدالغفور مگسی ٹیچنگ ہسپتال گوادر میں محکمہ مواصلات وتعمیرات، فزیکل پلاننگ اینڈ ہاؤسنگ حکومت بلوچستان گوادر کے زیر نگرانی زیر تعمیر ٹراما سینٹر اور او پی ڈی بلاک کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے جاری تعمیراتی سرگرمیوں، کام کے معیار اور منصوبوں پر ہونے والی پیش رفت کا جائزہ لیا اس موقع پر انہوں نے تعمیراتی کام کی سست رفتاری پر تشویش اور برہمی کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ منصوبوں پر کام کی رفتار تیز کی جائے، تعمیراتی معیار پر کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے اور انہیں مقررہ مدت کے اندر مکمل کرنے کے لیے مؤثر اقدامات اٹھائے جائیں انہوں نے کہا کہ ٹراما سینٹر اور او پی ڈی بلاک کی تکمیل سے گوادر کے عوام کو علاج معالجے کی بہتر اور جدید طبی سہولیات میسر آئیں گی، جبکہ ہنگامی طبی خدمات اور مریضوں کو علاج کی فراہمی میں بھی نمایاں بہتری آئے گی۔ صوبائی حکومت بلوچستان صحت عامہ کے شعبے کی بہتری اور عوام کو ان کی دہلیز پر معیاری طبی سہولیات

(بقیہ 30 اندرونی صفحہ 2 پر)

حب میں فلیٹ سے ہندو میاں بیوی کی لاشیں برآمد

حب (اے این این) بلوچستان کے صنعتی شہر حب میں فلیٹ سے ہندو میاں بیوی کی لاشیں برآمد ہوئیں تاہم وجہ ہلاکت معلوم نہ ہوسکی۔تفصیلات کے مطابق بلوچستان کے صنعتی شہر حب میں لاسی روڈ پر واقع مندر کے قریب ایک رہائشی فلیٹ سے میاں بیوی کی لاشیں برآمد ہوئی ہیں۔ریسکیو ذرائع نے بتایا کہ جاں بحق ہونے والے میاں بیوی کا تعلق ہندو برادری سے ہے، جن کی شناخت 25 سالہ ترن کمار اور 20 سالہ ممتا دیوی کے ناموں سے ہوئی ہے۔اطلاع ملنے پر پولیس اور ریسکیو ٹیمیں موقع پر

(بقیہ 29 اندرونی صفحہ 2 پر)

کیسکو کی 2790 خالی آسامیوں پر بھرتی کے لیے خضدار میں واک اینڈ انٹرویو جاری

بھرتی کا عمل مکمل طور پر صاف، شفاف اور میرٹ کی بنیاد پر ہوگا، حق حقدار کو ملے گا: ڈپٹی کمشنر

خضدار (خ ن) کیسکو کی 2790 خالی آسامیوں پر بھرتی کے لیے خضدار میں واک اینڈ انٹرویو کا سلسلہ جاری ہے۔ پانچ روزہ انٹرویوز کا آج چوتھا روز تھا۔ڈی سی کمپلیکس خضدار میں منعقدہ انٹرویوز ایس ای کیسکو کرم بخش بادینی ڈپٹی ڈائریکٹر ٹیکنیکل کی نگرانی میں مختلف کیٹیگریز کی آسامیوں کے لیے امیدواروں سے انٹرویو لیے گئے۔ انٹرویو سینٹر کے باہر صبح سے ہی امیدواروں کا رش دیکھا گیا، جن میں لڑکے اور لڑکیاں دونوں شامل تھیں۔ چھ رکنی کمیٹی امیدواروں کے انٹرویوز لے رہی ہے، جس میں ضلعی انتظامیہ خضدار کے نمائندے بھی شامل ہیں۔ کمیٹی کی جانب سے امیدواروں سے ان کی تعلیم، قابلیت اور متعلقہ آسامی سے متعلق سوالات کیے جا رہے ہیں۔ذرائع کے مطابق اب تک 1000 سے زائد امیدوار انٹرویو دے چکے ہیں، جبکہ مزید دو دن میں سینکڑوں امیدوار انٹرویوز میں حصہ لیں گے۔ انٹرویوز کے اختتام کے بعد کامیاب امیدواروں کی فہرست جاری کی جائے گی۔اس موقع پر ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی نے کہا کہ بھرتی کا عمل

(بقیہ 28 اندرونی صفحہ 2 پر)

جنگ کے طریقے تبدیل، مسلح افواج جدید تقاضوں کے مطابق تیار ہیں، نیول چیف

پاک فضائیہ کی تابناک تاریخ ہے جو اسے ورثے میں ملی ہے، قوم کا اعتماد افواج پاکستان کا قیمتی سرمایہ ہے، پاکستان اور ترکیے کے درمیان دیرینہ دفاعی شراکت داری قائم ہے

مسلح افواج جنگ کے نئے رجحانات اور تقاضوں سے بخوبی آگاہ اور نمٹنے کیلئے تیار ہیں، ایڈمرل نوید اشرف کا رسالپور پی اے ایف اکیڈمی اصغر خان میں گریجویشن پریڈ کی تقریب سے خطاب

رسالپور (اے این این) امیر البحر ایڈمرل نوید اشرف نے کہا ہے کہ جنگ کے طریقے تبدیل ہو چکے ہیں، مسلح افواج نئے تقاضوں سے بخوبی آگاہ اور نمٹنے کیلئے تیار ہیں۔رسالپور پی اے ایف اکیڈمی اصغر خان میں گریجویشن پریڈ کی پروقار تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سربراہ پاک بحریہ ایڈمرل نوید اشرف نے کہا کہ پاسنگ آؤٹ پریڈ میں شرکت باعث اعزاز ہے، پاس آؤٹ کیڈٹس اور ان کے والدین کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔نیول چیف ایڈمرل نوید اشرف نے کہا کہ قائداعظم نے فرمایا تھا مضبوط فضائیہ کے بغیر کوئی ملک دشمن کا مقابلہ نہیں کرسکتا، پاک فضائیہ نے بیشمار مواقع پر کامیابیوں سے تاریخ رقم کی، فضائیہ کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور مہارتوں کی دنیا معترف ہے۔سربراہ پاک بحریہ نے کہا کہ پاک فضائیہ کی تابناک تاریخ ہے جو اسے ورثے میں ملی ہے، قوم کا اعتماد افواج پاکستان کا قیمتی سرمایہ ہے، پاکستان اور ترکیے کے درمیان دیرینہ

(بقیہ 31 اندرونی صفحہ 2 پر)

کوئٹہ، سینئر صحافی شاہد میتلا جوڈیشل ریمانڈ پر جیل منتقل

درخواست ضمانت پر سماعت کل ہوگی، عدالت کی جانب سے فریقین کو نوٹسز جاری

کوئٹہ (یو این اے) سینئر صحافی شاہد میتلا کو جوڈیشل مجسٹریٹ کی عدالت نے جوڈیشل ریمانڈ پر جیل بھیج دیا، جبکہ ان کی درخواست ضمانت کی سماعت کل بروز جمعہ مقرر کرتے ہوئے فریقین کو نوٹسز جاری کردیئے۔تفصیلات کے مطابق سابق وزیراعظم انوار الحق کاکڑ کی جانب سے پیکا ایکٹ کے تحت دائر ہتک عزت کے مقدمے میں نامزد سینئر صحافی شاہد میتلا کو نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) نے آج کوئٹہ منتقل کیا، جہاں انہیں جوڈیشل مجسٹریٹ نمبر 7 کی عدالت میں پیش کیا گیا۔ دوران سماعت این سی سی آئی اے نے شاہد میتلا کے مزید جسمانی ریمانڈ کی استدعا نہیں کی، جس پر عدالت نے انہیں جوڈیشل ریمانڈ پر جیل بھیجنے کا حکم دے دیا۔سینئر صحافی شاہد میتلا کو جوڈیشل مجسٹریٹ کی عدالت نے جوڈیشل ریمانڈ پر جیل بھیج دیا، جبکہ ان کی درخواست ضمانت کی سماعت کل بروز جمعہ مقرر کرتے ہوئے فریقین کو نوٹسز جاری کردیئے۔تفصیلات کے مطابق سابق وزیراعظم انوار الحق کاکڑ کی جانب سے پیکا ایکٹ کے تحت دائر ہتک عزت کے مقدمے میں نامزد سینئر صحافی شاہد میتلا کو نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) نے آج کوئٹہ منتقل کیا، جہاں انہیں جوڈیشل مجسٹریٹ نمبر 7 کی عدالت میں پیش

(بقیہ 33 اندرونی صفحہ 2 پر)

ڈیرہ بگٹی، پٹ فیڈر سے نامعلوم مسلح افراد نے گن پوائنٹ پر دو افراد کو اغوا کرلیا

مغویوں میں حسین بخش اور غالب حسین مرہٹہ شامل ہیں، پولیس نے علاقے کی ناکہ بندی کرکے تلاش شروع کردی

ڈیرہ بگٹی (یو این اے) بلوچستان کے ضلع ڈیرہ بگٹی کے علاقے پٹ فیڈر سے نامعلوم مسلح افراد نے گن پوائنٹ پر دو افراد کو اغوا کرلیا ہے۔ پولیس ذرائع کے مطابق ڈیرہ بگٹی کے قریب سندھ اور بلوچستان کے سرحدی علاقے پٹ فیڈر کے مقام پر نامعلوم مسلح ملزمان نے اسلحہ کے زور پر حسین بخش اور غالب حسین مرہٹہ نامی دو شہریوں کو یرغمال بنا کر اپنے ساتھ لے گئے اور فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی مقامی پولیس کی بھاری نفری جائے وقوعہ پر پہنچ گئی۔ پولیس نے پورے علاقے اور داخلی و خارجی راستوں کی سخت ناکہ بندی کر کے مغویوں کی بحفاظت بازیابی اور ملزمان کی گرفتاری کے لیے سرچ آپریشن شروع کر دیا ہے۔ بلوچستان کے ضلع ڈیرہ بگٹی کے علاقے پٹ فیڈر سے نامعلوم مسلح افراد نے گن پوائنٹ پر دو افراد کو اغوا کرلیا ہے۔ پولیس ذرائع کے مطابق ڈیرہ بگٹی کے قریب سندھ اور بلوچستان کی سرحدی علاقے پٹ فیڈر کے مقام پر نامعلوم مسلح ملزمان نے اسلحہ کے زور پر حسین بخش اور غالب حسین مرہٹہ نامی دو شہریوں کو یرغمال بنا کر اپنے ساتھ لے گئے اور فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی مقامی پولیس کی بھاری نفری جائے وقوعہ پر پہنچ گئی۔ پولیس نے

(بقیہ 82 اندرونی صفحہ 2 پر)

تحصیلدار جھل مگسی ارباب خان مگسی کا رورل ہیلتھ سینٹر (RHC) جھل مگسی کا دورہ

جھل مگسی (اے این این) ڈپٹی کمشنر جھل مگسی سید رحمت اللہ شاہ کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں تحصیلدار جھل مگسی ارباب خان مگسی نے رورل ہیلتھ سینٹر (RHC) جھل مگسی کا سرپرائز دورہ کیا۔دورے کے دوران انھوں نے طبی مرکز میں فراہم کی جانے والی صحت کی سہولیات، عملے کی حاضری اور دیگر انتظامات کا جائزہ لیا۔انہوں نے مریضوں کو بروقت اور معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانے کے احکامات جاری کیے۔

(بقیہ 36 اندرونی صفحہ 2 پر)

واسا کوئٹہ کے ملازم عبدالعلی کے انتقال پر اظہار تعزیت

کوئٹہ (خ ن) واٹر اینڈ سینی ٹیشن اتھارٹی (واسا) کوئٹہ نے دورانِ سروس اپنے ملازم عبدالعلی ولد عبد الفیاض، والو مین کے 19 نومبر 2026 کو اچانک انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ واسا

(بقیہ 40 اندرونی صفحہ 2 پر)

کوئٹہ میں ایل پی جی کی قیمتیں کم نہ ہو سکیں، شہری پریشان

کوئٹہ (اے این این) ایران سے ایل پی جی سپلائی بحال ہونے کے باوجود کوئٹہ میں ایل پی جی کی قیمتیں کم نہ ہوسکیں جس کے باعث شہری شدید

(بقیہ 41 اندرونی صفحہ 2 پر)

بخت محمد کاکڑ کا گوادر مسافر بس حادثے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ نے گوادر میں پیش آنے والے مسافر بس کے افسوسناک حادثے کے نتیجے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے ایک تعزیتی بیان میں صوبائی وزیر صحت نے کہا کہ اس المناک حادثے میں قیمتی انسانی جانوں کا ضیاع انتہائی افسوسناک اور دلخراش ہے۔ انہوں نے جاں بحق افراد کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ

(بقیہ 34 اندرونی صفحہ 2 پر)

مخالفین بھی تسلیم کر رہے ہیں عمران خان سیاسی قیدی ہیں، بیرسٹر گوہر

مقدمات میں رات کی تاریکی میں بند دروازوں کے پیچھے سزائیں سنائی گئیں، عدالت سے درخواست ہے دن کی روشنی میں کھلی عدالت میں ہمارا موقف سنا جائے

بانی کیخلاف مقدمات بے بنیاد اور سیاسی بنیادوں پر قائم کئے گئے ہیں، دن کی روشنی میں کھلی عدالت میں ہمارا موقف سنا جائے، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (اے این این) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ ہمارے سیاسی مخالفین بھی تسلیم کر رہے ہیں کہ عمران خان ایک سیاسی قیدی ہیں۔ اسلام آباد ہائیکورٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر نے کہا کہ ہمارے سیاسی مخالفین بھی تسلیم کر رہے ہیں کہ عمران خان ایک سیاسی قیدی ہیں۔ان اہم مقدمات میں رات کی تاریکی میں بند دروازوں کے پیچھے سزائیں سنائی گئیں، عدالت سے درخواست ہے دن کی روشنی میں کھلی عدالت میں ہمارا موقف سنا جائے۔ اسلام آباد ہائیکورٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر نے کہا کہ ہمارے سیاسی مخالفین بھی تسلیم کر رہے ہیں کہ عمران خان ایک سیاسی قیدی ہیں۔ اسلام آباد ہائیکورٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر نے کہا کہ عمران خان کیخلاف مقدمات بے بنیاد اور سیاسی بنیادوں پر قائم کئے گئے

(بقیہ 35 اندرونی صفحہ 2 پر)

اسپیکر بلوچستان اسمبلی کا بجلی و گیس کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ اور کم وولٹیج کا سخت نوٹس

کوئٹہ (یو این اے) اسپیکر بلوچستان صوبائی اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق خان اچکزئی کی زیر صدارت اسمبلی کے کمیٹی روم میں منعقدہ ایک اہم اجلاس میں کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے چیف مجیب مری اور سوئی سدرن گیس کمپنی (ایس ایس جی سی) کے جنرل منیجر راحیل ملک کو طلب کر کے صوبے بالخصوص کوئٹہ میں بجلی و گیس کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ، کم وولٹیج اور عوامی شکایات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔اجلاس میں اراکین صوبائی اسمبلی علی مدد جتک، ہادیہ نواز بجرانی، فرح عظیم شاہ، سلمی بی بی، کلثوم نیاز بلوچ، شاہدہ رف، زرک خان مندوخیل، ملک نعیم خان بازئی، لیاقت علی لہڑی، صفیہ بی بی اور محمد خان

(بقیہ 43 اندرونی صفحہ 2 پر)

سول سیکرٹریٹ اسٹاف ویلفیئر ایسوسی ایشن کے انتخابات میں شاہین پینل کی کامیابی

اصل امتحان الیکشن میں کامیابی نہیں بلکہ ذمہ داری کو احسن طریقے سے نبھانا ہے: میر محمد صادق عمرانی

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان کے سینئر صوبائی وزیر، پیپلز پارٹی کے سینٹرل کمیٹی کے رکن و پارلیمانی لیڈر اور صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی نے بلوچستان سول سیکرٹریٹ اسٹاف ویلفیئر ایسوسی ایشن کے انتخابات میں شاہین پینل کی کامیابی پر دلی مبارکباد پیش کی ہے۔اپنے تہنیتی پیغام میں صوبائی وزیر نے شاہین پینل کے نومنتخب صدر کامریڈ یونس زہری، جنرل سیکرٹری قائم خان کاکڑ اور پوری کابینہ کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ حقِ رائے دہی کا درست استعمال اور ورکرز کی محنت سے انتخابات کا انعقاد جمہوریت کا حسن ہے۔ انہوں نے کہا کہ اصل امتحان الیکشن میں کامیابی نہیں بلکہ اس اہم ذمہ داری کو احسن طریقے سے نبھانا ہے۔میر محمد صادق عمرانی نے امید ظاہر کی کہ کامیاب پینل سیکرٹریٹ اسٹاف کو درپیش مسائل کے حل کے لیے سنجیدہ کوششیں جاری رکھے گا۔انہوں نے سول سیکرٹریٹ کے افسران اور اسٹاف کی فلاح و بہبود کے لیے کی جانے والی تمام کوششوں میں اپنے بھرپور تعاون کا یقین بھی دلایا۔بلوچستان کے سینئر صوبائی وزیر، پیپلز پارٹی کے سینٹرل کمیٹی کے رکن و پارلیمانی لیڈر اور صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی نے بلوچستان سول سیکرٹریٹ اسٹاف ویلفیئر ایسوسی ایشن کے انتخابات میں شاہین پینل کی کامیابی پر دلی مبارکباد پیش کی ہے۔اپنے تہنیتی پیغام میں صوبائی وزیر نے شاہین پینل کے نومنتخب صدر کامریڈ یونس زہری، جنرل

(بقیہ 42 اندرونی صفحہ 2 پر)

چیف انجینئر کینالز قربان علی جتوئی کی ڈپٹی کمشنر صبت پور سے ملاقات

نصیر آباد ڈویژن میں زرعی پانی کی منصفانہ تقسیم اور نہری نظام کی بہتری پر تفصیلی تبادلہ خیال

صبت پور (خ ن) چیف انجینئر کینالز قربان علی جتوئی نے ڈپٹی کمشنر صبت پور فریدہ ترین سے ان کے دفتر میں ملاقات کی، ملاقات میں سپرنٹنڈنگ انجینئر ایریگیشن سرکل مدثر ظفر کھوسہ، ایگزیکٹو انجینئر پٹ فیڈر کینال شمس الملک بادینی اور ایگزیکٹو انجینئر کچھی کینال الٰہی بخش گاجانی بھی موجود تھے۔ملاقات کے دوران ضلع صبت پور سمیت نصیر آباد ڈویژن میں زرعی پانی کی منصفانہ تقسیم، نہری نظام کی بہتری، محکمہ آبپاشی کو درپیش مسائل اور دیگر اہم امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ملاقات کے دوران زرعی شعبے کو درپیش پانی کی ضروریات، نہروں میں پانی کی دستیابی، مختلف علاقوں تک پانی کی بروقت فراہمی اور نہری نظام کی مؤثر نگرانی کے حوالے سے امور زیر بحث آئے۔اس موقع پر اس بات پر بھی غور کیا گیا کہ کاشتکاروں کو ان کے مقررہ حصے کے مطابق زرعی پانی کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے محکمہ آبپاشی اور ضلعی انتظامیہ کے درمیان مربوط روابط اور باہمی تعاون کو مزید مؤثر بنایا جائے تاکہ زرعی سرگرمیاں متاثر نہ ہوں اور ٹیل کے علاقوں تک

(بقیہ 44 اندرونی صفحہ 2 پر)

جی ایچ کیو حملہ کیس کی سماعت ایک بار پھر ملتوی، مسلسل 15 ماہ سے زیر التوا

بھتیجے نے فیصل آباد آج تک دیکھا نہیں اور اسے 60 سال کی سزا دے دی گئی، شیخ رشید کی پیشی کے موقع پر گفتگو

راولپنڈی (اے این این) انسداد دہشت گردی عدالت نے سانحہ 9 مئی جی ایچ کیو حملہ کیس کی سماعت ایک مرتبہ پھر ملتوی کر دی۔ جی ایچ کیو حملہ کیس 15 ماہ سے مسلسل زیر التوا ہے جبکہ کیس کی سماعت کے لئے وڈیو لنک سسٹم 15 ماہ میں بھی فعال نا ہوسکا۔کیس کے گواہ بھی پیش نہیں ہوئے اور 15 ماہ سے صرف تاریخیں ڈالی جا رہی ہیں۔بانی چیئرمین تحریک انصاف کی جیل روبکار سے حاضری لگائی گئی جبکہ سابق وزیر داخلہ شیخ رشید احمد عدالت میں پیش ہوئے۔کیس میں کل 119 گواہ میں سے 44 کے بیان ہوئے جبکہ جرح کسی پر نہیں ہوئی۔جج امجد علی شاہ نے کیس کی مزید سماعت 3 دسمبر تک ملتوی کر دی۔عدالت پیشی کے بعد میڈیا سے مختصر گفتگو کرتے ہوئے سابق وزیر داخلہ شیخ رشید احمد نے کہا کہ بھتیجے شیخ راشد نے فیصل آباد آج تک دیکھا نہیں اور اسے 60 سال کی سزا دے دی گئی۔شیخ رشید کا کہنا تھا کہ اب تو آٹا بھی شناختی کارڈ بغیر نہیں ملتا، ریڑھی، چھابڑی، خوانچہ والوں کو ریلیف دیا جائے، پوری قوم کی خواہش ہے کہ غریب کو فوری

(بقیہ 49 اندرونی صفحہ 2 پر)

محسن نقوی کا خیبر پختونخوا میں کامیاب آپریشنز اور 22 خوارج کی ہلاکت پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے خیبر پختونخوا کے مختلف علاقوں میں خوارج کے خلاف کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ وزارت داخلہ سے جاری بیان کے مطابق وفاقی وزیر داخلہ نے 22 خوارج کو جہنم واصل کرنے پر سکیورٹی فورسز کی پیشہ

(بقیہ 5 اندرونی صفحہ 2 پر)

جے یو آئی ضلع کوئٹہ کی قیادت کی مولانا فضل الرحمٰن اور مفتی اسعد محمود کی سیکورٹی واپس لینے کی مذمت

سیاسی قیادت کی حفاظت حکومت کی ذمہ داری ہے، کارکنوں کو شیڈول فور میں شامل کرنے کا سلسلہ بند کیا جائے، رہنماؤں کا بیان

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علمائے اسلام (جے یو آئی) ضلع کوئٹہ کی قیادت نے وفاقی حکومت کی جانب سے قائدِ جمعیت مولانا فضل الرحمٰن اور مفتی اسعد محمود کی سیکیورٹی واپس لیے جانے کے فیصلے کو مسترد کرتے ہوئے اس پر شدید تشویش اور مذمت کا اظہار کیا ہے۔اپنے ایک مشترکہ بیان میں ضلعی امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق، ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، سرپرستِ اعلیٰ مفتی محمد روزی خان، مولانا حفیظ اللہ، مولانا محمد سلیمان، حافظ دوست محمد مینگل، مولانا عبدالبصیر، حافظ رشید احمد، حاجی محمد شاہ لالا، مفتی نیک محمد فاروقی اور حاجی نعمت اللہ اچکزئی نے کہا کہ ڈیرہ اسماعیل خان میں قائدِ جمعیت کی رہائش گاہ اور اسلام آباد سے سیکیورٹی اہلکاروں کو واپس بلانے کا اقدام غیر سنجیدہ اور افسوسناک ہے۔رہنماں نے مقف اختیار کیا کہ مولانا فضل الرحمٰن ماضی میں متعدد خودکش حملوں کا نشانہ بن چکے ہیں، اس پس منظر میں ان کی سیکیورٹی ہٹانا ان کی جان وسلامتی کے حوالے سے سنگین خدشات کو جنم دیتا ہے۔ان کا کہنا تھا کہ

(بقیہ 39 اندرونی صفحہ 2 پر)

ڈیرہ اللہ یار کی اہم شاہراہوں اور چوکوں سے غیر قانونی تجاوزات کا خاتمہ، سامان ضبط

عوامی راستوں اور شاہراہوں پر قبضہ کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا: اسسٹنٹ کمشنر دھیرج کالرا

جعفر آباد (خ ن) ضلع جعفر آباد میں عوامی شکایات کا نوٹس لیتے ہوئے ڈپٹی کمشنر جعفر آباد خالد خان کے احکامات کی روشنی میں اسسٹنٹ کمشنر دھیرج کالرا کی سربراہی میں تجاوزات کے خلاف بھرپور کارروائی عمل میں لائی گئی، جس میں میونسپل کارپوریشن کے چیف آفیسر احمد نواز جنگ کی ٹیم اور ٹریفک پولیس کے اہلکاروں نے حصہ لیا۔کارروائی کے دوران ڈیرہ اللہ یار کے مختلف علاقوں اور اہم شاہراہوں پر قائم غیر قانونی تجاوزات کو ہٹا دیا گیا، جبکہ دکانوں کے سامنے رکھے گئے چھپرے، سندل اور تجاوزات کے لیے استعمال ہونے والا دیگر سامان بھی ضبط کر لیا گیا۔ یہ کارروائی استاد محمد روڈ، قومی شاہراہ، ٹی چوک سمیت شہر کے مختلف اہم مقامات پر کی گئی، جہاں غیر قانونی تجاوزات کے باعث ٹریفک کی روانی متاثر ہونے کے ساتھ شہریوں اور مسافروں کو شدید مشکلات کا سامنا تھا۔ضلعی انتظامیہ کی جانب سے تجاوزات کے خاتمے کے لیے کیے گئے اس اقدام کو عوامی حلقوں کی جانب سے سراہا گیا اور اسے شہر میں ٹریفک کی روانی بہتر بنانے اور شہریوں کو درپیش

(بقیہ 37 اندرونی صفحہ 2 پر)

گڈانی، وڈیرہ عطا اللہ بلوچ نے ہمیشہ عوامی حقوق کا دفاع اور حقیقی نمائندگی کی ہے، ملانور بخش

علاقے کے اہم مسائل کے حل کے لیے ان کی خدمات قابلِ تحسین ہیں، عوام ان کے ہاتھ مضبوط کریں، بیان

گڈانی (یو این اے) گڈانی کے سیاسی وسماجی رہنما ملانور بخش ڈگارزئی نے کہا ہے کہ علاقے کی معروف سیاسی، سماجی وقبائلی شخصیت وڈیرہ عطا اللہ بلوچ ضلع کھلے رہتے ہیں اور وہ امیر وغریب کی تفریق کے بغیر شہریوں کے مسائل سن کر ان کے فوری حل کے لیے کوشاں رہتے ہیں، جو ایک عوامی رہنما کی اصل پہچان ہے۔انہوں نے گڈانی کے شہریوں اور تمام طبقات سے اپیل کی کہ وہ علاقے کے مسائل کے پائیدار حل اور ترقی کے لیے وڈیرہ عطا اللہ بلوچ جیسی قوم دوست شخصیت کے ہاتھ مزید مضبوط کریں۔ ملا

(بقیہ 38 اندرونی صفحہ 2 پر)



تربت، چیف آف ڈیفنس فورسز اور چیف آف آرمی سٹاف فیلڈ مارشل عاصم منیر تربت، بلوچستان میں شہداء یادگار پر پھولوں کی چادر چڑھا رہے ہیں

صبت پور، نامعلوم افراد نے 10 ایکڑ رقبے پر جمع شدہ چاول کے ڈھیر کو آگ لگا دی

تحصیل پہنور سنہری میں مقامی مکینوں نے اپنی مدد آپ کے تحت آگ پر قابو پالیا، پولیس نے تفتیش شروع کردی

صبت پور (یو این اے) صبت پور کی تحصیل پہنور سنہری کے پولیس تھانہ RD-238 کی حدود میں نامعلوم شرپسند عناصر نے مقامی کاشتکار کے جمع شدہ چاول کے ڈھیر کو آگ لگا دی اور موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔تفصیلات کے مطابق تھانہ RD-238 کی حدود گاں دودا خان نندوانی کے قریب مقامی زمیندار حسین کنرانی کی جانب سے 10 ایکڑ رقبے سے حاصل کر کے جمع کیے گئے چاول کے ڈھیر کو نامعلوم ملزمان نے نذرِ آتش کر دیا۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی علاقہ مکین بڑی تعداد میں موقع پر پہنچ گئے اور اپنی مدد آپ کے تحت بھرپور جدوجہد کر کے آگ پر قابو پا لیا، جس سے مزید نقصان ہونے سے بچ گیا۔ واقعے کی اطلاع ملنے پر متعلقہ پولیس نے جائے وقوعہ کا معائنہ کر کے ابتدائی تفتیش کا آغاز کر دیا ہے، تاہم آخری اطلاعات موصول ہونے تک اس واقعے کا باقاعدہ مقدمہ درج نہیں ہو سکا تھا۔تفصیلات کے مطابق تھانہ RD-238 کی حدود گاں دودا خان نندوانی کے قریب مقامی زمیندار حسین کنرانی کی جانب سے

(بقیہ 46 اندرونی صفحہ 2 پر)

وندر، پریس کلب وندر کا جمعیت علمائے اسلام تحصیل وندر کے مکمل بائیکاٹ کا اعلان

صحافیوں کی پیشہ ورانہ ساکھ مجروح کرنے کی مبینہ کوشش پر باہمی مشاورت سے فیصلہ کیا گیا، تمام سرگرمیوں کی میڈیا کوریج معطل رہے گی

وندر (یو این اے) پریس کلب وندر نے جمعیت علمائے اسلام (جے یو آئی) تحصیل وندر کے مکمل بائیکاٹ کا اعلان کرتے ہوئے سب ڈویژن وندر میں جماعت کی تمام سیاسی، تنظیمی اور عوامی سرگرمیوں کی میڈیا کوریج نہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ پریس کلب وندر کی جانب سے جاری کردہ باضابطہ اعلامیے کے مطابق یہ اقدام جمعیت علمائے اسلام وندر کے ایک ذمہ دار عہدیدار کی جانب سے صحافیوں کی پیشہ ورانہ ساکھ کو مجروح کرنے کی مبینہ کوشش کے بعد مقامی صحافیوں کی باہمی مشاورت سے اٹھایا گیا ہے۔اعلامیے میں واضح کیا گیا ہے کہ بائیکاٹ کے دوران سب ڈویژن وندر میں جے یو آئی کی پریس کانفرنسز، پریس ریلیزز، سیاسی و تنظیمی اجلاسوں، احتجاجی مظاہروں، عوامی اجتماعات اور دیگر تمام سرگرمیوں کی کسی بھی قسم کی میڈیا کوریج نہیں کی جائے گی۔ پریس کلب وندر نے جمعیت علمائے اسلام (جے یو آئی) تحصیل وندر کے مکمل بائیکاٹ کا اعلان کرتے ہوئے سب ڈویژن وندر میں جماعت کی تمام سیاسی، تنظیمی اور عوامی سرگرمیوں کی میڈیا

(بقیہ 45 اندرونی صفحہ 2 پر)

میٹروپولیٹن کارپوریشن میں 121 مبینہ غیر شفاف بھرتیوں کا انکشاف

کوئٹہ (یو این اے) میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ میں مبینہ طور پر بغیر سرکاری اشتہار، شفاف مسابقتی عمل اور مجاز اتھارٹی کی منظوری کے 121 سے زائد افراد کی تعی